ب ح م

دواسازی کا اُستاد

یہ کتاب لاجواب

من تالیف فقیر حقیر حاجی محمد اصغر علی لودہانوی

گنجینۂ عطاری

المعروف

دواسازی

حسب فرمائش چند احباب برائے افادہ خاص و عام

ٹریڈ مارک

سنہ ۱۹۳۷ء

تیسری دفعہ ہزار — قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ

محصولڈاک سات آنہ

مولف نے لدھیانہ سے شائع کیا

گنجینہ عطاری المعروف

دواسازی (1937)

تالیف:۔ حاجی محمد اصغر

لودھیانوی

از عنایت:۔ پنڈت کرم نارائن دت

بن حکیم رامیشور دت

﴿پنڈدادنخان، جہلم﴾

تحقیق و ترتیب:۔ سگِ غوث و خواجہ

ابوالرضا محمد توصیف عمر قادری

سہروردی خانی چشتی شافعی

باب ششم

جس میں دو فصلیں ہیں

فصل اوّل روغنیات فصل دوم مرہم

فصل اوّل روغنیات

یہ یاد رکھیں کہ اگر تخموں کے تیل نکالنے ہوں تو ان کو جوکوب کرکے ذرا گرم پانی کے چھینٹے دے دینے چاہئیں۔ اگر جڑوں یا شاخوں وغیرہ کا تیل نکالنا ہووے تو ان کو چھ وزن پانی میں بھگو دینا چاہیے ایک رات دن کے بعد پھر ان کو نرم آنچ پر منہ بند کرکے جوشدیں۔ جب چہارم پانی رہ جاوے تو اس کے ہموزن روغن جو نسخے میں تحریر ہو وہ ڈال کر جوشدیں تاکہ تمام پانی جل جاوے صرف روغن ہی باقی رہ جاوے۔ تو چھان کر رکھ لیں اگر سبز پتوں یا پھلوں سے تیل نکالنا ہووے۔ تو ان کو ذرا کچل کر ان کا پانی نکالیں اور مقطر کرکے اس کو ہموزن کوئی تیل جو ڈالنا ہو ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ اگر پھولوں سے تیل نکالنا ہو تو کسی روغن میں تازہ پھول ڈال کر شیشی کو دھوپ میں رکھیں۔ آٹھ دس روز کے بعد نچوڑ کر چھان لیویں۔ پھر اس تیل میں اور پھول ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ اسی طرح پھولوں کو پانچ چھ مرتبہ تبدیل کریں۔ تاکہ روغن میں اثر پھولوں کا اچھی طرح سے آجاوے +

اور بعض تخم نہایت خشک ہیں مثلاً اوٹنگن۔ گندم۔ نخود۔ اسپند۔ تخم ترس وغیرہ ان کو ذرا نم دیکر بذریعہ قرع انبیق لوہے سے یا بذریعہ پتال جنتر سے تیل نکالیں +

نقشہ پتال جنتر حسب ذیل ہے:-

نقشہ پتال جنتر شیشی والا

گڑھا

اُوپلے

سطح زمین سطح زمین

زمین زمین

پیالہ

نقشہ پتال جنتر ہانڈی والا

گڑھا

سطح زمین سطح زمین

اوپلے

بوتل

زمین کے اندر بوتل زمین کے اندر بوتل

نوٹ۔ اگر آپ تیل خود نہ نکال سکیں تو کارخانہ حاجی محمد اصغر علی سوداگر لودیانہ سے نکلوائیں۔

نسخہ جات روغنیات مفرد

نسخہ روغن اترج - اس کا پینا اور طلا کرنا بواسیر کو مفید ہے۔ کان میں ڈالنا گرانی کو رفع کرے اگر بدن پر ملا ہو تو زہردار جانور خاصکر بچھو نزدیک نہیں آتا روغن بادام کی طرح سے مشین کے ذریعہ مغزوں کا تیل نکال لیا جاتا ہے +

نسخہ روغن اسطوخودوس فیتیتین یعنی ستارو - وونامروا ہر ایک تولہ ۳ چند پانی بارش کا لیکر بھگوئیں جب ایک رات دن ہو جائے تو پھر نرم آگ پر پکائیں جب نصف پانی رہجائے تو مل چھانکر اس کے چہار چند روغن گل ڈال کر نرم آگ پر پکائیں کہ پانی خشک ہو جائے۔ پھر چھان کر شیشی میں رکھیں وقت ضرورت ۲ قطرے کان میں ڈالیں ہر مرض رفع ہو +

نسخہ روغن ارنڈ یہ ایک مشہور پھل کا تیل ہے۔ اس کو کوہلو میں یا بادام روغن کی مشین میں ڈالکر تیل نکالیں۔ یہ تیل جلاب کے کام بھی آتا ہے اور اس کو دودھ میں ڈال کر پلاتے ہیں۔ اور جوڑوں کے دردوں پر مالش کیا جاوے تو درد رفع ہوتا ہے +

اگر بدن کے نیلے داغوں پر ملیں تو ان نشانوں کو رفع کرتا ہے اس میں رائی اور سانپ کی کینچلی پیسکر ملا کر داد پر اگر لگائیں تو داد رفع ہو یہ نسخہ عجیب چیز ہے +

نسخہ روغن اخروٹ - اس کو بھی مذکورہ بالا طرح سے تیل نکالیں۔ اس کا ملنا تشنج کو دفعہ کرتا ہے بچوں کے داد اور پھوڑے اور پٹھوں کے سخت ہونے کو مفید پستانوں کے ورم کو رفع کرتا ہے۔ سر دردوں اور فالج لقوہ کو رفع کرے۔ بالوں میں لگانا جوؤں کو خارج کرے۔ اگر نو ماشہ ایک ہفتہ تک پلایا جائے جس کے درد گھٹنوں کا ہو تو درد رفع ہو بشرط مزاج میں گرمی نہ ہو +

روغن السی گرم تر ہے۔ اس کا تیل بھی کوہلو سے نکالتے ہیں۔ داد اور ظاہری و باطنی زخموں کے قرحوں اور آنتوں کے قرحوں کو نفع دیتا ہے۔ مالش اور کھانے کے کام بھی آتا ہے +

روغن اوٹنگن - اعضائے رئیسہ اور بدن کو طاقت دیتا ہے عرق النسا جوڑوں کے درد۔ اور نقرس وغیرہ کو پینا اور ملنا اس کا بہت مفید ہے اس کا روغن ٹپکنے قرع انبیق سے بھی نکل آتا ہے +

روغن بادام۔ دماغ کی خشکی درد سر۔ سرسام اور بیخوابی کو رفع کرے۔ ملنا اس کا سر پر کان کی درد اور کھانسی درد پسلی پیچش کو پینا ہر طرح سے یہ روغن مفید ہی اور بادام روغن خالص تازہ کارخانہ حاجی محمد اصغر علی منیجر یونانی دواخانہ لودیانہ سے بکفایت مل سکتا ہی نرخ کا فیصلہ جوابی خط لکھکر دریافت فرماویں۔

روغن آملہ مرکب جو بالوں کو پیدا اور سیاہ اور مضبوط کرے۔ پٹھوں کو طاقت دے۔ پوست آملہ پچیس ۲۵ تولہ۔ مورد کے پتوں کے پانی میں اس کو سات ۷ روز تک بھگو دیں پھر مل چھان کر صاف کریں اور ہموزن تلوں کا تیل ڈال کر پکائیں کہ پانی سب خشک ہو جاوے۔ پھر چھان کر بوتل میں ڈالیں +

روغن مورد جو بالوں کے گرنے سے آگ سے جلے ہوئے کو جلد آرام دیتا ہی۔ بالوں کو مضبوط کرتا ہی۔ مورد کے سبز پتوں کا پانی نچوڑ کر بقدر نصف سیر روغن زیتون ایک پاؤ میں ملا کر پکائیں۔ یہاں تک کہ پانی سب جل جائے۔ روغن شیشی میں رکھیں۔ وقت ضرورت استعمال کریں۔ مجرّب ہے +

روغن بلادر پٹھوں کے استرخا فالج لقوا اور سرد بیماریوں کے لئے نافع ہی۔ ریاح کو بخوبی تحلیل کرے۔ بالچھڑ۔ دانہ الائچی سفید۔ مرچ سیاہ۔ بچ چلیتہ۔ راسن فلفل درازہ مین پھل۔ بلادر یعنی بھلانواں۔ سوسن کی جڑ۔ سونف۔ کوٹھ۔ زرکچور۔ درونج ہر ایک چھ تولہ سب کو کچل کر دودھ گاؤ ڈھائی سیر۔ اور پانی ڈھائی سیر اور سوا سیر روغن کنجد لیکر سب کو ملا کر جوش دیں۔ یہاں تک کہ سب دودھ جل جائے پھر روغن کو چھان کر رکھ لیں اور استعمال فرماویں نایاب نسخہ ہے +

روغن بابونہ۔ سردردیوں کو رفع کرتا ہی۔ ورموں کو تحلیل کرے۔ سرد بیماریوں اور دردوں کے لئے مفید ہی:۔ بابونہ تازہ عمدہ معہ برگ و شاخ ذرا کچل کر ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف پانی رہجائے تو مل چھانکر دوچند روغن کنجد ملا کر جوش دیں اگر زیادہ تیز کرنا ہو تو برابر وزن تیل کنجد کا ڈالکر نرم آگ پر پانی کو جلائیں +

روغن بیر بہوٹی یا روغن خیر الطین یعنی کینچوے۔ جس کا آپ تیل بنانا ہو وہ لیکر اس میں دوگنا تیل کنجد کا ڈال کر آہستہ آہستہ پکائیں۔ جب وہ جل جائیں تو چھان کر رکھ لیں۔ یہ تیل اسی چیز کا کہلائیگا۔ جو چیز تیل میں ڈال کر جلاؤ گے یا اگر بالکل خالص بنانا ہو۔ تو بذریعہ پتال جنتر یوتل والے طریق سے بنائیں عمدہ تیل تیار ہو گا۔ نقشہ پتال جنتر صفحہ ۱۲۲ کتاب ہذا پر ملاحظ فرمائیں۔ اگر یہ روغن خود نہ تیار کر سکو تو تیار دواخانہ اصغری حاجی محمد اصغر علی لودیانہ سے بکفایت مل سکتا ہے +

روغن پیاز - فالج اور استرخا اور بیخوابی کیلئے اگر سر اور گردن اور پشت پر ملا جائے اور درد پہلو - درد معدہ کیلئے بھی سود مند ہے - پیاز جنگلی تازہ لکڑی کی چھری سے ورق ورق تراشیں اور اس کے پانچ گنا وزن روغن زیتون لیکر بریاں کریں اور صاف کر کے شیشی میں رکھیں - وقت ضرورت استعمال کریں +

روغن دافع پھلبہری یعنی سفید داغوں کے رفع کرنے کیلئے مفید - بینگن پختہ زرد لیکر کچل کر اسکا پانی نچوڑیں اور اس پانی کے ہموزن روغن کنجد یعنی تلوں کا تیل ملا کر جوش دیں اور اس تیل کو شیشی میں رکھیں - استعمال اس طرح سے کہ ہر روز داغوں پر لگائیں مجرب ہے +

روغن تھوم یعنی لہسن - یہ روغن بہرہ پن کیلئے ہے - تھوم مقشر سالم گرہ ایک چھٹانک لیکر ایک کڑچھے میں رکھیں اور اس پر روغن کنجد اس قدر ڈالیں کہ تھوم کی سب گرہ چھپ جائیں - پھر ان کو نرم آگ پر بریاں کریں - یہانتک کہ وہ سیاہ ہو جائیں - پھر اس کو چھان کر روغن سنبھال رکھیں رات کو دو قطرہ روغن کان میں ڈالا کریں بفضل خدا چند روز میں بہرہ پن رفع ہو گا +

روغن جائفل - پٹھوں کو قوت دے اور ضعف کو رفع کرے اور سردی دور کر کے گرمی پہنچاتا ہے جوڑوں کے دردوں کو رفع کرے اس کے تیل نکالنے کی ایک یہ بھی ترکیب ہے - کہ جائفل حسب ضرورت لیکر جو کوب کر کے ایک کھلے پانی میں خوب پکائیں - پھر اس پانی کو سرد کریں - جو تیل ہو گا وہ اوپر جم جائیگا وہ اتار لیں - پھر اس کو پکائیں پھر سرد کریں اسی طرح چار دفعہ کریں - دوسرا طریق پاتال جنتر سے نکالنے کا ہے +

روغن جمالگوٹہ - توڑ سرد بیماریوں کو خارج کرنے مواد معدہ کے استعمال میں آتا ہے بعض اطبا استعمال کرتے ہیں خوراک دو قطرہ سے لیکر پانچ قطرے تک ہے گلقند یا شربت مناسب سے پلائیں اور اکیلا کھلانا درست نہیں اسکے کھانے سے دست آیا کرتے ہیں جب دست بند کرنے ہوں تو شربت مصری سرد پانی میں یا لسی دہی کی پئیں +

روغن جوز ماثل یعنی دھتورہ - سرعت انزال کیلئے اس کا پاؤں کے تلوں میں ملنا بہتر ہے تخم جوز ماثل حسب ضرورت لیکر کچلکر آتشی شیشی میں ڈالکر بذریعہ پاتال جنتر روغن تیار کریں اور ایک گھڑی اول جماع سے پاؤں پر ملیں +

روغن چمگادڑ - اس کے تیل کی مالش دافع درد کمر - رعشہ - لقوا - فالج اور درد جوڑوں کے رفع کیلئے اکسیر ہے - اگر پیشاب بند ہو گیا ہو - تو احلیل میں ایک یا دو قطرے ڈالیں - بحکم خدا فوراً پیشاب جاری ہو گا بنانیکی ترکیب یہ ہے - ایک بڑا چمگادڑ لیکر روغن چنبیلی میں بریاں کر کے اس تیل کو کام میں لائیں +

روغن پیاز- فالج اور استرخا اور بیخوابی کیلئے اگر سر اور گردن اور پشت پر ملا جائے اور درد پہلو- درد معدہ کیلئے بھی سودمند ہے- پیاز جنگلی تازہ لکڑی کی چھری سے ورق ورق تراشیں اور اس کے پانچ گنا وزن روغن زیتون لیکر بریاں کریں اور صاف کرکے شیشی میں رکھیں- وقت ضرورت استعمال کریں +

روغن دافع پھلبہری یعنی سفید داغوں کے رفع کرنے کیلئے- سفید بینگن پختہ زرد لیکر کچل کر اسکا پانی نچوڑیں اور اس پانی کے ہموزن روغن کنجد یعنی تلوں کا تیل ملا کر جوش دیں اور اس تیل کو شیشی میں رکھیں- استعمال اس طرح سے کہ ہر روز داغوں پر لگائیں مجرب ہے +

روغن تھوم یعنی لہسن- یہ روغن بہرہ پن کیلئے ہے- تھوم مقشر سالم گرہ ایک چھٹانک لیکر ایک کڑچھے میں رکھیں اور اس پر روغن کنجد اس قدر ڈالیں کہ تھوم کی سب گرہ چھپ جائیں- پھر ان کو نرم آگ پر بریاں کریں- یہانتک کہ وہ سیاہ ہو جائیں- پھر اس کو چھان کر روغن سنبھال رکھیں رات کو دو قطرہ روغن کان میں ڈالا کریں بفضل خدا چند روز میں بہرہ پن رفع ہو گا +

روغن جائفل- پٹھوں کو قوت دے اور ضعف کو رفع کرے اور سردی دور کرکے گرمی پہنچاتا ہے جوڑوں کے دردوں کو رفع کرے اس کے تیل نکالنے کی ایک یہ بھی ترکیب ہے- کہ جائفل حسب ضرورت لیکر جو کوب کرکے ایک کھلے پانی میں خوب پکائیں- پھر اس پانی کو سرد کریں- جو تیل ہو گا وہ اوپر جم جائیگا وہ اتار لیں- پھر اس کو پکائیں پھر سرد کریں اسی طرح چار دفعہ کریں- دوسرا طریق تپال جنتر سے نکالنے کا ہے +

روغن جمالگوٹہ- تپوں سرد بیماریوں اور خارج کرنے مواد معدہ کے استعمال میں آتا ہے بعض اطبا اسے استعمال کرتے ہیں خوراک دو قطرہ سے لیکر پانچ قطرے تک ہے گلقند یا شربت مناسب سے پلائیں اور اکیلا کھلانا درست نہیں اسکے کھانے سے دست آیا کرتے ہیں جب دست بند کرنے ہوں تو شربت مصری سرد پانی میں یا لسی دہی کی دیں +

روغن جوز ماثل یعنی دھتورہ- سرعت انزال کیلئے اس کا پاؤں کے تلووں میں ملنا بہتر ہے تخم جوز ماثل حسب ضرورت لیکر کچل کر آتشی شیشی میں ڈالکر بذریعہ تپال جنتر روغن تیار کریں اور ایک گھڑی اول جماع سے پاؤں پر ملیں +

روغن چمگادڑ- اس کے تیل کی مالش دافع درد کمر- رعشہ- لقوا- فالج اور درد جوڑوں کے رفع کیلئے اکسیر ہے- اگر پیشاب بند ہو گیا ہو- تو احلیل میں ایک یا دو قطرے ڈالیں- بحکم خدا فوراً پیشاب جاری ہو گا بنانیکی ترکیب یہ ہے- ایک بڑا چمگادڑ لیکر روغن چنبیلی میں بریاں کرکے اس تیل کو کام میں لائیں +

روغن چوب سرو - یہ روغن صرف بالوں کی سیاہی قائم رکھنے کے کام میں آتا ہے۔ تازہ لکڑی سرو کی لیکر پانی میں خوب جوش دیں کہ تمام اثر پانی میں آجاوے۔ پھر صاف کرکے اس کو روغن کنجد میں پکائیں اور تیل بالوں پر لگائیں یہ تیل عجیب ہے +

روغن حرمل یعنی اسپند گرانی گوش۔ فالج۔ لقوہ۔ مرگی۔ رعشہ۔ عرق النسا۔ درد کمر۔ سستی آلاتناسل و سستی پٹھوں کیلئے مفید۔ ریاح کو توڑتا ہے:۔ حرمل کے تخم کوٹ کر چار گھنٹے پانی میں تر کرکے پھر اس میں دوگنا مولی کے پتوں کا پانی ڈالکر پکائیں جب چہارم حصہ پانی باقی رہجائے تو چھان کر رکھ لیں اور پھر اسکے برابر روغن کنجد ملا کر پکائیں جب پانی جل جائے اور صرف تیل ہی باقی رہجائے تو چھانکر رکھ لیں +

اگر خالص تیل نکالنا ہو۔ تو کوہلو میں نکالیں یا مشین بادام والی ہیں یا پتال جنتر سے نکالیں +

روغن حنظل اس کا جلاب قوی ہے۔ اگر کان میں ڈالیں تو درد کو فوراً رفع کرے اگر ناک میں ڈالیں تو دماغ کے سدے نکالتا ہے۔ اگر چہرے پر ملیں تو داغوں کو رفع کرے۔ اور رنگ رخساروں کا اچھا ہو حنظل یعنی اندرائن کا گودا لیکر چھ حصہ پانی میں تر کرکے جوش دیں۔ جب چہارم حصہ پانی رہجائے تو چھانکر رکھیں +

روغن خراطین یعنی کیچوؤں کا تیل دماغی اور جسمانی پٹھوں کی بیماری اور فالج۔ لقوہ۔ استرخا اور جوڑوں کے اور گھٹنوں۔ پنڈلی اور پاؤں کے انگوٹھے کے دردوں کو رفع کرے۔ آلاتناسل کے پٹھوں کی سستی کو خاص طور سے مضبوط کرے کینچوے صاف مٹی سے کئے ہوئے لیکر روغن کنجد یا روغن زیتون میں پکائیں۔ یہاں تک کہ کینچوے جل جائیں آنچ نرم ہو پھر چھان کر رکھیں یہ تیل دافع امراض مذکور کیلئے نہایت اکسیری ہے +

روغن مغز خیارین یہ روغن سرد تر ہے۔ گرم بیماریوں اور دماغ کی خشکی کو رفع کرتا ہے بادام روغن کی مشین میں یا کوہلو میں یا پانی میں پکا کر تیل نکالیں۔ اور کام میں لائیں +

روغن زیتون - یہ ملک عرب میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کے فوائد بہت ہیں۔ اسکے روغن کو استعمال کرنے سے پہلے صاف کر لینا ضروری ہے۔ صاف کرنے کی یہ ترکیب ہے کہ پانی میں ڈال کر ذرا جوش دیکر پھر رکھ لیں یہ بہت دواؤں میں ڈالا جاتا ہے اور اگر یہ روغن چھ برس کا پرانا ہو جاوے۔ تو اسکی مالش جڑ جانے عضو کیلئے مفید ہے اور آنکھ میں لگانا بینائی کو صاف کرے۔ جالا کو دفع کرے اور نزول کو روکے اگر گرم کرکے بچھو کے کاٹے کی جگہ پر لگائیں۔ تو درد کو فوراً موقوف کرتا ہے۔ اگر یہ روغن دس برس کا پرانا

ہو جائے۔ تو پٹھوں کے درد اور گرم موادوں کو نکالے۔ رنگ رخساروں کا خوش کرے۔ اگر یہ روغن بائیس برس کا پورانا ہو جائے تو فالج کیلئے اکسیر ہے اور تین روز حمام میں بیٹھکر پیا جائے بمقدار ساڑھے پانچ تولہ اور شہد دو تولہ۔ کندر گیاراں تولہ۔ روغن کلونجی ایک تولہ ملاکر یہ کل تین حصے کرکے تین روز پئیں اور پھر صد سالہ کی طاقت جسمانی و مردمی اٹھاراں سال کے نوجوان برابر ملاحظہ فرمائیں +

روغن سندرس۔ داد اور جلد کے نشانوں کو رفع کرے۔ زخموں کو بھرے اور پورانی بواسیر کو رفع کرے۔ سندرس باریک کرکے ڈیڑھ وزن روغن زیتون یا روغن السی میں جوش دیکر ملاکر رکھیں +

روغن سویہ۔ جوڑوں اور پٹھوں کے دردوں کو اور ہاتھ پاؤں کے اینٹھنے اور بدن کے رونگٹے کھڑے ہونیکو مفید اور اعضا کی سستی جو سردی لگنے سے ہو سب کیلئے مالش کرنا مفید ہے۔ ترکیب تخم سویہ ایک پاؤ۔ روغن بابونہ ایک پاؤ۔ پانی ڈیڑھ پاؤ میں جوش دیں کہ پانی سب جلجائے پھر چھانکر رکھلیں +

روغن عاقرقرحا۔ سردیوں کو اور دردوں کو دفع کرے اور بینائے مرگی۔ سکتہ اور آدھے سر کے دردوں کو اس کا سونگھنا یا ناک میں ڈالنا مفید ہے۔ مالش اس کی پٹھوں کو جو سردی سے سست ہو گئے ہوں مفید ہے۔ عاقرقرحا نیا عمدہ پاؤ لیکر اس کو کوٹ کر پانی سہ چند میں پکائیں جب پانی ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو چھان کر روغن زیتون پاؤ میں پکائیں جب پانی جل جائے تو چھان کر رکھ لیں +

روغن کائفل۔ معدہ کی خرابیوں اور دستوں کو بند کرے حقنہ اس کا دست بند کرنے والا ہے۔ مالش اس کی نقرس۔ لقوہ۔ فالج اور آدھے سر کے درد کو رفع کرے۔ دماغ کے سدوں اور دماغی طبقوں کو کھولے اور قوت دینے میں بے نظیر ہے۔ اعضاء تناسل پر مالش کرنے سے طاقت پیدا ہو۔ بادام مقشر کو شگوفہ ہائے کائفل میں بسا کر روغن کشید کریں یہ روغن مذکورہ امراض کے لئے تیر بہدف ہے +

روغن کنیر۔ خشک کھجلی اور چنبلبہری کو رفع کرے اس کے سفید پھول آدھ پاؤ لیکر روغن کنجد ڈیڑھ پاؤ میں ڈالکر دھوپ میں رکھیں ایک ہفتہ بعد مل چھان کر فضلہ کو گرادیں اور تیل میں نئے پھول نچوڑ کر دوسرے پھول ڈال دیں۔ اسی طرح سے چھ دفعہ پھول بدلیں تیل بلا آگ دینے کے تیار ہے +

روغن کلونجی۔ لقوہ۔ فالج۔ تشنج اور جوڑوں کے اور کمر کے درد اور کل جسم کے پٹھوں کی سستی کو رفع کرے۔ ترکیب کلونجی کے تخم پانچ تولہ لیکر کوٹکر روغن بادام میں چرب کریں اور قدرے گرم پانی

چھڑک کر بطور بادام روغن مشین سے نکالیں یا آتشی شیشی میں ڈال کر بذریعہ پتال جنتر روغن نکالیں۔ یا پہلے پانی میں پکا کر کے پھر روغن کنجد میں جوش دیکر روغن بنا کر شیشی میں رکھیں +

روغن گل۔ یہ روغن بہت لطیف ہے اور اکثر دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔ ترکیب بنانے کی روغن کنیر کی طرح سے ہے۔ جو اوپر تحریر ہو چکی ہے۔ یہ کان کی دواؤں میں بھی اکثر استعمال ہوتا ہے۔ گلاب اصلی کے پھول تیل میں ڈالے جاتے ہیں +

روغن موئے سر انسان۔ اس روغن کو اہل صنعت خون تیرہ کہتے ہیں اور نامردگان کے رگ و پٹھوں کو طاقت دیوے پس چند دفعہ بالوں کو صابون سے دھو کر آتشی شیشی سے۔ یا قرع انبیق کے ذریعہ روغن نکالیں اور کام میں لائیں +

روغن مورچہ۔ یہ روغن بالکل بیکار شدہ پٹھوں پر مالش کرنے سے خوب طاقت دیتا ہے۔ عجیب روغن ہے۔ روغن زیتون دو تولہ لیکر اسمیں اکتیس کیڑے کلاں سرخی مائل زندہ۔ جو قبرستان یا ریتلی زمین میں بڑے بڑے ٹانگوں والے ہوتے ہیں اسمیں ڈالکر دھوپ میں چالیس روز رکھیں پھر چھانکر استعمال کریں +

روغن مولی۔ یہ روغن بست سالہ روغن زیتون کے قائم مقام ہے۔ فالج لقوہ۔ درد جوڑوں۔ درد پنڈلی۔ درد گوش۔ درد گردہ مثانہ کی پتھری کو رفع کرتا ہے۔ بند پیشاب کو جاری کرے بطور مالش و طلا اور کان میں ڈالنے اور پینے میں سب مرضوں پر مناسب استعمال سے فائدہ ہوتا ہے +

ترکیب۔ مولی کے پتوں کا پانی اور تخم نیم خام تازہ ہر ایک پاؤ۔ روغن زیتون سات تولہ ملا کر نرم آنچ پر جوش دیں جب سب پانی جل جاوے۔ تو تیل کو صاف کر کے رکھیں اور مذکورہ بالا امراض پر استعمال فرمائیں +

روغن گل نرگس۔ درد رحم۔ درد ریح کمزوری پٹھوں پر مالش مفید ہے +

ترکیب۔ روغن کنیر کی طرح سے پھول جمع کر کے تیار فرمائیں

روغن مالکنگنی واسطے تقویت باہ موٹائی المنیائی مخلوق کو مفید۔ مالکنگنی دس تولہ بیر بہوٹی دس تولہ ان کو دراپیکر آتشی شیشے میں روغن نکال کر مالش کریں نہایت مجرب نسخہ ہے +

نسخہ دوم۔ مالکنگنی دس تولہ۔ زردی بیضہ مرغ دو عدد۔ سانڈہ دو عدد کا قیمہ بنا کر سب کو ملا کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکال کر چند روز استعمال فرماویں نہایت عمدہ نسخہ ہے +

نسخے روغن خاص الخاص اسراری

روغن اسراری - دافع زخم ہر قسم جو اندر سے کشادہ اور باہر سے تنگ ہوں جیسے ناسور وغیرہ کیلئے مجرب ہے۔ اور خراب سے خراب زخموں مثلاً بھگندر۔ کنٹھ مالا۔ گھمبیر کیلئے اکسیر ہے۔ اس روغن کی موجودگی میں بفضل خدا اپریشن کی ضرورت نہیں ہے۔ بڑی محنت اور روپیہ صرف کر کے حاصل کیا گیا تھا۔ جو درج کتاب ہے +

نسخہ یہ ہے۔ الائچی خرد۔ گندھک آملہ سار ہر ایک پانچ تولہ۔ بہروزہ خام ایک سیر ہر ایک کو باریک کر کے علیحدہ علیحدہ رکھیں اور ایک دیگچی کلاں منہ کی لیکر اسمیں نصف سیر ریت بچھائیں اور اس پر بہروزہ ڈالیں اور پھر الائچی خرد اور پھر گندھک کاغذ میں پوڑیہ بنا کر رکھدیں اور پھر نصف ریت ڈالکر اسمیں کوئی خشک گھاس بھردیں اور اوپر ایک مٹی کی ہانڈی دیکر اس میں نلکا دیکر روغن کشید کر کے بوتل میں رکھ لیں اور استعمال اس طرح سے ہے۔ کہ ایک روئی کا پھاہا لیکر اسکو تیل میں تر کر کے زخم کے منہ پر رکھدیں اور کپڑے سے باندھ دیں چند روز میں فائدہ ہو +

روغن مرکب تارپین - یہ درد سینہ۔ درد شکم۔ وجع المفاصل۔ موچ۔ چوٹ۔ درد کمر۔ درد کمر و ٹانگ جسکو عرق النساء درد کہتے ہیں۔ درد پسلی۔ درد عصبی وغیرہ کے لئے مالش نہایت مفید ہے +

نسخہ یہ ہے۔ روغن تارپین اصلی کسٹرائیل یعنی روغن ارنڈ اصلی ہر ایک پندرہ ۱۵ تولہ۔ گوند کیکر دس تولہ۔ عرق سونف اصلی ایک پاؤ۔ اول عرق میں گوند کو حل کر کے پھر ذرا ذرا روغن ڈالکر کھرل کر کے رکھ لیں +

روغن مقوی شباب - بوڑھوں مجلوقوں اور کثرت جماع کے عادی لوگوں کی ضعف باہ کے اندرونی علاج کے دوران میں اسکی مالش درجہ اول ہے۔ تمام نقائص مثل لاغری کجی رگوں کا موٹا اور ابھرا ہوا ہونا اور نعوظ کا نہ ہونا سکے لئے مفید نسخہ یہ ہے۔ روغن دار چینی۔ روغن لونگ ہر ایک تولہ اور بیخ کنیر سفید کا تیل چار تولہ انکو ملا کر استعمال کریں +

روغن کنیر بنانیکی ترکیب یہ ہے - کہ بیخ کنیر سفید دس تولہ لیکر دودھ گاؤ دو سیر میں خوب جوش دیں اور پھر اسکو جاگ لگا کر جما دیں۔ پھر اس کو رڑک کر مکھن بنا کر رکھ لیں اور پھر اس کا گھی بنائیں +

نوٹ۔ دواخانہ حاجی محمد اصغر علی مالک دواخانہ یونانی شہر لودیانہ سے ہر قسم کے روغن اصلی مرکبات شامل کر کے تیار ہو کر آپ صاحبان کی فرمائش پر مل سکتے ہیں پہلے جوابی خط بھیجکر قیمت کا فیصلہ فرمالیں۔ پتہ اپنا خوشخط تحریر فرمائیں +

روغن اصغری خوشبودار۔ یہ روغن ہم تیار کرکے دُور دراز ملکوں میں بھی بفضلِ خدا روانہ کرتے ہیں۔ آپ بھی اسکو تیار کرکے بوتلوں میں بھر کر لیبل عمدہ طرح سے لگاکر فروخت کرکے فائدہ اُٹھائیں۔ یہ مستورات کے دینے کیلئے خاص تحفہ ہے۔ اور تجارت کے لئے یہ خاص چیز ذریعہ آمدنی ہے +

نسخہ روغن خوشبودار۔ بالچھڑ۔ اشنہ۔ ہاؤبیر ہر ایک آدھ سیر برادہ صندل۔ دھنیا ہر ایک پاؤ۔ کافور دیسی۔ ترکچور۔ نج ہر ایک دس تولہ۔ لونگ پانچ تولہ کپور کچری تین پاؤ۔ مولسری ڈھائی پاؤ۔ پانڑی برہمی بوٹی ہر ایک سیر سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ جوکوب کرکے سولہ گنا پانی میں بھگو دیں اور چوبیس ۲۴ گھنٹے بھگی رہیں۔ پھر جوش دیکر چھان لیں۔ یعنی پانی کل چوتھا حصہ رہے یہ تاکید ہے۔ پھر اس پانی میں روغن کنجد اصلی چار سیر ملاکر اسکو پکائیں جب تمام پانی جل جائے صرف تیل ہی رہے تو چھانکر اسمیں رُوح سنگترہ۔ رُوح الائچی۔ رُوح عنبر ولایتی ڈھائی ڈھائی تولہ ڈالکر بوتل میں بند رکھیں +

روغن مقوی عنین مادر زاد اور مجلوق کیلئے مفید۔ کروٹین آئیل چوبیس قطرہ سیکفیورک ایتھر چار ڈرام ٹنکچر آیوڈین چار ڈرام۔ روغن بیضہ مرغ چھ ڈرام سب کو ملاکر رکھ لیں +

استعمال بوقت رات سونیکے قدرے روئی سے عضو کے اوپر سیاہ بالوں سے لیکر حشفہ تک لگائیں اور سیون و حشفہ کو بچائیں کہ وہاں یہ نہ لگجائے۔ پھر برگ پان یا کوئی نرم پتا رکھکر باندھکر سو جائیں اگر دورانِ استعمال میں سوزش معلوم ہو تو دوسرے دن نہ لگائیں صرف خالص روغن بیضہ لگائیں۔ جب سوزش رفع ہو جائے پھر لگائیں اسی طرح عمل کریں +

روغن مقوی خواجہ غلام جیلانی صاحب شنگرف چار تولہ گھونگچی ڈھائی تولہ۔ لونگ ایک تولہ۔ جائفل دو تولہ۔ مالکنگنی مغز چلغوزہ ہر ایک پانچ تولہ۔ جوتری ڈیڑھ تولہ سم الفار سفید دو ماشہ چربی شیر دو تولہ بھیڑ کا دودھ آدھ سیر سب دواؤں کو ملاکر خوب کھرل کرکے گولیاں بناکر بذریعہ پتال جنتر شیشی میں تیل نکالکر مالش کریں نہایت طاقت دیگا +

روغن اکسیر اعظم مقوی باہ دافع بواسیر خونی و بادی سنگرہنی پیچش۔ اسہال بلغمی بخار۔ حلق زدہ لقوہ۔ ادھرنگ۔ فالج۔ تشنج۔ کنزاز تمام بلغمی امراض میں مفید۔ جریان۔ سرعت انزال۔ احتلام امساک۔ دمہ کو مفید ہے +

نسخہ روغن یہ ہے۔ ہرتال ورقی شنگرف۔ گندھک آملہ سار ہر ایک دو تولہ۔ لوبان کوڑیہ۔ برادہ دندان فیل۔ سم الفار سرخ سم الفار سفید۔ گوگل بھیسہ ہر ایک تولہ زعفران سلاجیت ہر ایک چھ ماشہ جند بیدستر تین ۳ ماشہ۔ بارہ سنگہ مغز پستہ مغز تخم نیم۔ کافور پھٹکری ہر ایک ایک تولہ سب کو جوکوب کرکے سب ادویات کو کھرل میں ڈال کر دودھ مدار سے کھرل کریں جس میں وہ خوب تر ہو جائیں۔ پھر برگ درخت سہانجنہ ایک پاؤ میں پھر پانی

برگ ہرن کھری ایکپاؤ میں پھر آب کچلہ ایکپاؤ میں کھرل کرکے گولیاں بنا کر خشک ہونے پر بذریعہ پاتال جنتر گولیوں کا تیل نکالکر کھیں +

استعمال۔ حلق زدہ کو تین ۳ روز مالش کرکے برگ پان باندھیں +

بلغمی بخار کو ایک بوند بتاشہ میں صبح دیں اور اوپر سے پانی پلادیں +

قوت باہ کیلئے ایک بوند ہمراہ بالائی سے چند روز کھلائیں غذا خوب مرغن کھلائیں +

بواسیر خونی وبادی ہر ایک کیلئے ہمراہ مسکہ گاؤ ایک بوند کھلائیں +

چہرہ کے رنگ صاف کیلئے ایک بوند کھانڈ میں چند روز کھلائیں +

سنگرہنی پیچش۔ اسہال کیلئے ایک بوند ہمراہ کھانڈ کھلائیں +

جریاں سرعت انزال۔ احتلام کیلئے ایک بوند ہمراہ کھیرا اسبغول بنا کر کھلائیں +

مریض لقوہ۔ ادھرنگ۔ فالج۔ تشنج۔ کزاز یعنی تمام بلغمی امراض کیلئے ایک بوند ہمراہ کھانڈ کے کھلائیں +

دمہ کے مریضکو ایکبوند ہمراہ سفوف سونٹھ ایکماشہ میں کھلائیں پھر ۲ دو روز کا ناغہ کرکے پھر کھلائیں اسیطرح سات دفعہ کھلائیں +

امساک کیلئے ایک بوند بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں اور اوپر سے دودھ پلائیں +

یہ بھی یاد رکھیں کہ نامرد اور مجلوق اکیس ۲۱ روز دوا کو استعمال کرے اور اتنے روز ہی جماع سے پرہیز کرے +

عرق گندھک نکالنے کی ترکیب۔ ایک ہانڈی نئی لیکر اس کے پیندے میں چھان گندم کا کچھ بچھادیں۔ پھر اس کے اوپر گندھک آملہ سار نیم سائدہ کے ریزے ریزے بچھادیں اور ہانڈی کے درمیان ایک پیالی چینی کی تار سے لٹکادیں اور اوپر اس کے ایک کٹورا کا ڈھکن دیدیں اور منہ بند کرکے کٹورے کو پانی سے بھردیں اور نیچے آہستہ آہستہ نرم آگ جلائیں برابر چار یا پانچ گھنٹے کے آگ بند کریں اور عرق اس پیالی میں جمع ہوگا یعنی اوپر کٹورہ سے لگ کر نیچے پیالی میں پانی گریگا وہی عرق ہے +

فوائد بہت ہیں۔ ہر مرض کیلئے اور ہر عمر والے کیلئے حکیم استعمال کرسکتا ہے +

روغن طلا محبت ملذذ۔ عطر موتیا۔ عطر خس۔ عطر کیوڑہ۔ عطر گلاب۔ ناترہ خرس یعنی ریچھ ایکتولہ کستوری۔ عنبر ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ عاقرقرحا۔ زعفران۔ دارچینی۔ کافور دیسی ہر ایک تین ماشہ سہاگہ دو ۲ ماشہ بیربہوٹی چھ ماشہ۔ سب کو خوب کھرل کرکے بوقت ضرورت استعمال کریں +

نوٹ۔ دواخانہ یونانی حاجی محمد اصغر علی شہر لودھانہ سے ہر دو اکفایت مل سکتی ہے +

روغن مطول جو حلوق واز کار رفتہ کیلئے بیحد مفید طلا ہی۔ علاوہ ازیں درازی و فربہی بخشے +

نسخہ روغن۔ سم الفار سفید۔ سیماب۔ شنگرف۔ ہڑتال۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ کچلہ۔ بیر بہوٹی۔ افیون۔ خراطین۔ تخم دھتورہ۔ جائفل۔ لونگ ہر ایک تولہ۔ زردی بیضہ مرغ بارہ ۱۲ عدد سبکو کھرل کر کے گولیاں بناکر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالکر اسمیں مشک اصلی ڈیڑھ ماشہ۔ زعفران اصلی تین ۳ ماشہ کھرل کر کے طلا کریں اور برگ پان باندھیں +

روغن طلا برقی فاسفورس یہ ہر قسم کی سستی لاغری کجی اور کمزوری کیلئے اکسیر اور بے نظیر ہی۔ بالکل مایوس مریضوں کو بھی استعمال کرایا گیا خاطر خواہ فائدہ ظہور میں آیا چند روز میں کجی وغیرہ رفع ہو جاتی ہی اور طاقت بیحد دیتا ہی۔ مغز پستہ نیا مغز جمالگوٹہ ہر ایک ہموزن لیکر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالکر رکھیں۔ اور اسمیں فیتولہ کے حساب سے زعفران اصلی ایک ماشہ۔ فاسفورس خشک ایک رتی مکھی سبز سر بریدہ پانچ ۵ عدد ڈال کر خوب کھرل کر کے استعمال کریں +

روغن شیشم دافع داد پوست درخت شیشم۔ پوست نارجیل۔ نوشادر دس دس تولہ۔ گندم دانہ پچیس ۲۵ تولہ سبکو ملاکر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالکر رکھیں اور داد پر روئی سے صبح شام لگائیں۔ مجرب ہے +

روغن اکسیری دافع اوجاع مفاصل۔ خدر۔ اور اعضائے مسترخیہ کو طاقت دیوے اور نیز برودت معدہ اور ضیق النفس کو فائدہ دیوے۔ یہ عجیب اکسیری روغن ہے +

نسخہ روغن۔ کچور۔ سعد کوفی ہر ایک چھ ۶ ماشہ۔ جائفل دو ۲ عدد۔ جوتری تین ۳ ماشہ اور لونگ گلدار دس تولہ سب کو کوٹکر ایک چینی کی پیالی میں پہلے کپڑا اوپر باندھکر اس پر یہ سب دوائیں ڈالدو اور اس کے کناروں پر آرد گندم یا مٹی موٹی لگاکر اس پر ایک ٹکڑا ابرک بڑا سا رکھکر کوئلے جلاکر رکھدیں تاکہ اسکی تپش سے تیل کپڑے سے چھنکر پیالی میں آجائے۔ پھر اس طرح سے استعمال کہ روغن مذکور پینسٹھ ۶۵ قطرہ اور روغن گل ایک تولہ۔ روغن کنجد ایک ماشہ ملاکر مقام ماؤف پر مالش کریں۔ اللہ کے فضل سے آرام ہو +

روغن گوش دافع کان کے کیڑوں اور کان کی پھنسی اور درد کان ہر قسم اور بہرہ پن وغیرہ کیلئے مفید ہی۔ نسخہ روغن۔ آب برگ کریلہ۔ آب برگ چوہاکنی یعنی مرزنجوش ہر ایک دو ۲ تولہ۔ آب مولی ایکتولہ۔ سرکہ انگوری ڈھائی تولہ۔ روغن کنجد ڈھائی چھٹانک۔ افسنتین چھ ۶ ماشہ۔ ہلدی۔ لہسن مقشر۔ مغز بادام۔ قسط تلخ ہر ایکتولہ۔ تخم حنظل عاقرقرحا۔ ہینگ۔ سونٹھ۔ اجوائن۔ بورا ارمنی۔ ملٹھی ہر ایک تین ۳ ماشہ۔ پیاز سفید ایک عدد ان سب کو ملاکر آگ پر پکائیں جب پانی جلجائے۔ تو اس کو چھانکر رکھ لیں۔ اور رات کو دو ۲ قطرہ کان میں ڈالا کریں +

روغن جیون بوٹی - مغز تخم دھنیا ڈھائی تولہ - مغز بنولہ دس تولہ - مالکنگنی - کنجد سیاہ ہر ایک پانچ تولہ
ان سب کو جوکوب کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکال کر رکھ لیں - **فوائد** مقوی باہ مقوی بدن - مولد خون -
رنگ کو مثل دانہ انار سرخ کے بنائے - **خوراک** چار بوند بتاشہ میں ڈال کر دودھ سے کھلائیں +

روغن دافع سوزاک مرکب روغن بلسان - روغن کباب چینی - روغن بہروزہ - روغن بلسان -
روغن صندل اصلی ہر ایک کو ملا کر رکھ لیں - **استعمال** اس سفوف میں جبکہ سفوف ۶ چھ ماشہ ہو اور روغن مذکور
پندراں ۱۵ قطرہ ڈال کر پھانک لیں اور اوپر سے نصف دودھ اور پانی ملا کر پئیں +

نسخہ سفوف کا یہ ہے تخم خنا - طباشیر - دھنیا کے چاول - شورہ قلمی - جوا کھار - پھٹکڑی بریاں کتھ سرخ
ہر ایک ۶ چھ ماشہ شکر سرخ تین تولہ ملا کر رکھ لیں - کھانے کے وقت ۶ چھ ماشہ لیکر روغن ملا کر کھائیں مجرب ہے +

روغن مسیحائی - دافع کجی سستی - لاغری - نامردی وغیرہ کیلئے مالش کر کے برگ پان باندھا کریں -
حشفہ اور سیون کو چھوڑ کر - ہیر اہینگ ۲ دو تولہ - بیر بہوٹی دس تولہ - اسپند دانہ ایک پاؤ - مغز حب الملوک تخم ارنڈ -
چربی سانڈھ ہر ایک ۲ دو تولہ کھرل کر کے گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکال کر استعمال کریں +

روغن کیمیا مقوی اور ہر قسم کے درد کو مفید اور محلل اورام ہے - روغن بیضہ مرغ - روغن دارچینی - روغن الائچی -
روغن لونگ - کاربالک ایسڈ - روغن کافور ہر ایک چار ماشہ - روغن مالکنگنی - روغن بلسان ایک تولہ - روغن موم سادہ -
روغن قسط ہر ایک آٹھ ۸ ماشہ - روغن بابونہ چار ماشہ ان سب کو ملا کر شیشی میں رکھ لیں - **استعمال** اول عضو ماؤف
کپڑے سے رگڑ کر گرم کریں - بعد ازاں روغن مذکور کی مالش کر کے برگ پان باندھیں اور صبح گرم پانی سے دھویا کریں +

روغن اکسیر زرد - دافع دمہ - تشنج - نمونیہ - اعصابی درد - وجع مفاصل فالج - لقوہ - سرسام وغیرہ +
نسخہ روغن یہ ہے :- آب برگ سہانجنہ - آب ڈنڈ اتھوہر - آب برگ ارنڈ - آب برگ بکائن - آب برگ جوز ماثل -
آب برگ مدار - آب برگ حرمل - آب امر بیل ہر ایک پانچ تولہ - نمک لاہوری ایک تولہ - روغن کنجد آدھ سیر
سب کو ملا کر پکائیں - جب صرف تیل رہجائے صاف کر کے بوتل میں رکھیں - بعدہٗ صابون انگریزی سنلائٹ
ڈھائی تولہ قسط تلخ - سونٹھ - افیون ہر ایک ۶ چھ ماشہ - زعفران - لونگ ہر ایک تین ۳ ماشہ - فرفیون - جند بیدستر ۶ چھ ماشہ
برانڈی پانچ تولہ - کافور ایک تولہ - اول برانڈی میں افیون حل کر کے سب کو ملا کر استعمال کریں مجرب چیز ہے +

نوٹ :- مرض کے مشورہ کیلئے حاجی محمد اصغر علی لودیانہ سے خط وکتابت کریں +

روغن اکسیر دافع وقوع آتشک۔ داد۔ ناسور خنازیر۔ خارش وغیرہ **استعمال** عضو ماؤف پر روئی سے
نسخہ روغن یہ ہے۔ اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ اجمود۔ کچلہ ہر ایک پاؤ یاد رہے کہ کچلہ کو سروتہ جس سے
چھالیہ کاٹتے ہیں کاٹ لیں اور ان سب کو ایک ہانڈی میں جس میں برگ مدار ڈال کر اس پر یہ سب دوائیں
ڈال کر پھر برگ مدار رکھ کر بذریعہ ڈول جنتر روغن کشید کر کے کام میں لائیں +

روغن احمر دافع زخم تیر۔ تلوار۔ چاقو وغیرہ کیلئے آیٹ۔ ڈ فارم سے بہتر ہے۔ **استعمال** اس طرح سے ہے۔ کہ زخم پر
یہ روغن لگا کر اوپر سے ململ چار تہہ کر کے رکھ کر باندھ دیں فوراً زخم کو آرام آئیگا +

روغن اوجاع دافع درد ہر قسم۔ روغن کنجد آدھ پاؤ۔ لونگ سالم۔ دار چینی۔ رتن جوت ہر ایک چھ ماشہ ملا کر پکائیں +

روغن طلا خاص مرکب جمالگوٹہ۔ روغن بیر بہوٹی۔ روغن دار چینی۔ روغن لونگ ہر ایک دو تولہ۔
روغن جمالگوٹہ ایک تولہ سب کو ملا کر حسب دستور مالش کر کے برگ پان باندھ دیا کریں +

روغن عجیب دافع مخلوق۔ فالج۔ ریح۔ دردوں کیلئے نمونیہ۔ بواسیر بادی وغیرہ کیلئے مجرب +
نسخہ روغن یہ ہے۔ بطخ کی چربی۔ بکرے کے گردہ کی چربی۔ مغز ساق گاؤ ہر ایک دو تولہ۔ روغن گل چار تولہ۔
روغن بابونہ پانچ تولہ۔ زفت رومی۔ مصطگی رومی ہر ایک چھ ماشہ باریک پیسکر ملا کر ان دونوں کو آگ پر پگھلا کر باقی
دواؤں کو باریک کر کے ملا کر رکھ لیں۔ **استعمال** بقدر ضرورت رات کو مالش کریں مجرب ہے +

روغن مورچہ مرکب دافع کجی اور موٹائی و درازی کرے اور سختی پیدا ہو۔ اور سستی رفع ہو +
یکصد بڑے بڑے سیاہ چیونٹے لیکر روغن چنبیلی چار تولہ میں ڈالیں اور اس شیشی کو بند کر کے دھوپ میں لٹکائیں
اور بعد گزرنے چالیس روز کے چھانکر اس روغن میں بیر بہوٹی۔ خراطین ایک ایک تولہ ڈال کر جلائیں۔ اور پھر
اسکو شیشی میں ڈالکر رکھ لیں۔ رات کو سونیکے اول عضو کو کپڑے سے رگڑ کر گرم کر کے پھر اس کی آہستہ آہستہ مالش
سیاہ بالوں کی جگہ سے لیکر حشفہ کو چھوڑ کر کریں اور اوپر برگ پان یا اور کوئی نرم کپڑا باندھیں +

روغن موم مرکب دافع ٹیڑھا پن اور پٹھوں کو مضبوط کرے اور سستی اعصاب کو نرم کرے +
موم سفید اصلی آدھ سیر۔ نمک لاہوری بریاں ایک سیر۔ ریت جلی ہوئی ایک پاؤ سم الفار سفید سیماب ہر ایک تولہ دونوں
کو خوب کھرل کر کے پھر موم میں ملا کر اور سب چیزوں کو اکٹھا کر کے گولیاں بنا کر روغن کشید کریں +

نوٹ۔ یہ روغن تیار دواخانہ حاجی محمد اصغر علی سوداگر لودیانہ سے ہر وقت مل سکتا ہے +

روغن عرق بھنگرہ ۔ اس کے استعمال سے تمام اقسام کے دردسر رفع ہوجاتے ہیں یہ روغن دردسر کیلئے ایک خاص اکسیری روغن ہے۔ اس کے اثر سے سر کے بالوں کا گرنا پھٹنا اور سفید جلد ہونا بھی بند ہوتا ہے اور گرے ہوئے بال اور دانت جو قبل ازوقت گرے ہوں خدا کے حکم سے دوبارہ نکل آتے ہیں۔ آنکھوں کی روشنی قائم رہتی ہے بازوؤں میں طاقت اور مضبوطی پیدا ہو جاتی ہے +

نسخہ روغن یہ ہے ۔ ارنڈ کی جڑ ۔ تگر ۔ سونف ۔ پوست خشخاش ۔ چھوئی موئی بوٹی یعنی لاجونتی ۔ راسنا ۔ سیندھا نمک ۔ باٹرنگ ۔ بھنگرہ ۔ ملٹھی ۔ سونٹھ ہر ایک تولہ تولہ سبکو نیمکوفتہ کرکے تیل تل سیاہ ایک سیر بکری کا دودھ ایک سیر بھنگرہ سبز کا نچوڑا ہوا پانی چار سیر ایک لوہے کے برتن میں سبکو ڈالکر نرم آگ پر پکائیں جب پکنے سے صرف تیل رہجائے تو اسکو آگ سے اوتار کر چھان لیں۔ اور شیشی میں رکھ لیں +

استعمال ۔ ہر مرض مذکور کیلئے چھ قطرہ ناک میں ڈالا کریں چند روز میں فائدہ دیکھلائے +

نسخہ دوم بھنگرہ ۔ درازی موئے سر کیلئے یہ خاص روغن مرکب ہے۔ اس کے استعمال سے بال سیاہ رہتے ہیں اور بال خوب گنجان ہوجاتے ہیں نسخہ روغن کا یہ ہے بھنگرہ کو کوٹکر اس کا پانی نچوڑیں اور اسکے ساتھ گھونگچی سرخ ایک تولہ لیکر پانی ڈال کر کھرل کرکے خشک کریں۔ اسی طرح تین دفعہ قدرے قدرے پانی ڈالکر کھرل کرکے خشک کرکے روغن سرسوں اصلی دس تولہ میں ڈالکر جلائیں اور جب یہ جل جائے۔ تو چھانکر اسمیں چھبا بالنی ۔ الائچی خرد ۔ کوٹھ ۔ دیودار ہر ایک تین تین ماشہ لیکر پیسکر ملا کر کھائیں اور راتکو سر پر لگایا کریں +

روغن باٹرنگی دافع دردسر جو گرمیوں کے باعث ہوتا ہو ۔ اس کی نسوار دن میں دو دفعہ لیں + باٹرنگ ۔ سجی ۔ جما لگوٹہ کی جڑ ۔ ہینگ ہموزن لیکر گائے کے پیشاب میں خوب گھوٹکر ٹکیہ بنائیں اور روغن سرسوں اصلی جو قرصوں کے وزن سے چوگنا ہووے اور تیل سے چوگنا پیشاب گائے ملاکر ایک برتن میں یہ اور قرص ڈالکر نرم آگ پر پکائیں ۔ جب صرف تیل ہی رہجائے۔ تو چھانکر شیشی میں رکھ لیں۔ یہ عجیب روغن ہے +

روغن فراش جو سر کے گنج کو رفع کرے اور بال پیدا ہوں +

نسخہ روغن کا یہ ہے ۔ برگ درخت فراش جس کو سہرین بھی کہتے ہیں ڈھائی تولہ لیکر پانی میں پیسکر اسکا قرص بنائیں اور آدھ پاؤ روغن سرسوں خالص کو کڑاہی میں معہ قرص کے ڈالکر نرم آگ پر پکائیں جب قرص جلجائے تو اوتار کر چھانکر شیشی میں رکھ لیں اور ہر روز رات کو لگایا کریں مجرب ہے +

روغن دافع موتیا بند۔ جو آنکھ میں لگانے سے موتیا بند رفع ہو۔ خالص روغن بلساں رات کے وقت سلائی سے آنکھ میں لگایا کریں اور سر پر روغن کاہو کی مالش کرایا کریں۔ مجرب ہے +

روغن ترب یعنی مولی یہ روغن کان کی گرانی اور بہرا پن کو رفع کرے۔ نہایت مجرب ہے + تخم مولی کو لیکر گرد و غبار سے صاف کر کے خفیف گرم کریں اور مشین میں اس کا تیل نکالکر رات کو سونے کے وقت نیم گرم کر کے ۲ قطرے کان میں ڈالیں۔ بفضل خدا کان کی گرانی اور بہرہ پن رفع ہو +

اگر کان میں کرم یا باہر سے کیڑا پڑ گیا ہو۔ تو روغن مذکور میں قدرے پھٹکڑی ملا کر نیمگرم کان میں ڈالیں +

روغن کیٹلی یعنی چھمک مولی۔ اس بوٹی کا نقشہ گنجینہ طبیب حصہ دوم میں درج ہے۔ اور یہ روغن بدبو ناک کو رفع کرے۔ اور ناک سے پیپ نکلنے کو بند کرے +

نسخہ روغن کا یہ ہی کیٹلی کے پھول۔ جمالگوٹہ کی جڑ۔ درخت سہانجنہ کی چھال ہموزن لیکر سولاں گنے پانی کے ساتھ جوشدیں۔ جب چوتھائی حصہ پانی رہجائے تو اسکو چھانکر اس پانی کے چوتھائی حصہ تلسی پانی اور اسیقدر تیل سرسوں شامل کر کے نرم آگ پر پکائیں جب پانی سب جلجائے تو چھانکر وقت ضرورت ناک میں ڈالیں +

نسخہ رال دافع ہونٹوں کے پھٹنے اور سخت کو نرم کرنے کے لئے عجیب ہے +

نسخہ روغن یہ ہی۔ رال سفید۔ شہد اصلی چھوٹی مکھی۔ قند سیاہ تینوں کو ہموزن لیکر سب کے ۲ چند روغن گاؤ کے ساتھ آگ پر پکائیں۔ جب خوب پکجائے تو اس کو پکائیں +

روغن کمیلہ دافع خارش بدن۔ مردار سنگ۔ گندھک آملہ سار۔ نیلا تھوتھا۔ کمیلہ ہر ایک چھ ماشہ سبکو باریک پیسکر روغن گاؤ پانچتولہ میں ڈالکر نرم آگ پر پکائیں جب سب دوائیں جلجائیں۔ تو روغن کو چھانکر شیشی میں رکھ لیں۔ جس کسی کے بدن پر خارش ہووے۔ تو اسکی مالش کر کے دھوپ میں ذرا بٹھائیں۔ اور بعد گزرنے ۲ گھڑی کے پھر نیمگرم پانی سے غسل کریں۔ اور روغن گاؤ خوب کھائیں۔ ترشی اور مٹھائی سے پرہیز کریں +

روغن دافع خارش مردار سنگ۔ گندھک آملہ سار۔ مرچ کھنی۔ کتھہ سفید۔ مردار سنگ ہر ایک ۲ دام نیلا تھوتھا ایکدام سبکو باریک کر کے چھانکر ملا کر روغن سرسوں ۲ دام میں ملا کر بدن پر مالش کریں اور تین چار گھنٹے بعد غسل کریں +

چند ترکیب روغنیات مرکب

نسخہ روغن مرکب آلو بخارا وغیرہ دافع ہر امراض کان خصکر بہرہ پن کو رفع کرے۔

مغز تخم آلو بخارا ایک تولہ۔ زہرہ گاؤ چار تولہ میں خوب کھرل کر کے روغن گل پانچ تولہ میں نرم آگ پر پکا کر چھانکر اسمیں روغن بابونہ اور روغن گل پانچ پانچ تولہ۔ سرکہ دیسی چھ تولہ ڈال کر پکائیں کہ سرکہ سب جلجائے پھر چھانکر رکھلیں اور کان کو پہلے بھپارہ برگ نیم میں پکا کر دیں پھر روغن مذکور تیار دو قطرے ڈالیں +

نسخہ روغن بیضہ مرغ اس روغن کے لگانے سے دو ہفتہ میں بال پیدا ہوتے ہیں۔ زردی بیضہ مرغ چند عدد لیکر اس کو کرچھے میں ڈال کر خوب پکائیں اور ہلاتے جائیں۔ یہاں تک کہ جلکر تیل نکل آئے فوراً فضلہ کو علیحدہ کر کے آگ سے نیچے اوتار کر شیشی میں ڈالیں پھر بالوں کے جمانے کیلئے ہر روز دن میں دو دفعہ لگائیں اور سستی عضو تناسل کیلئے ایک تولہ روغن بیضہ اور زعفران تین ۳ ماشہ۔ مغز بنولہ یعنی تخم مغز پنبہ دانہ تین ماشہ کھرل کر کے رکھلیں اور مالش کر کے برگ پان باندھیں۔ مجرب ہے +

نسخہ روغن پارہ وغیرہ دافع نامردی۔ پارہ۔ بیر بہوٹی سم الفار سفید یعنی سنکھیا ہر ایک دو تولہ۔ زردی بیضہ مرغ پانچ چھ عدد کو ملا کر روغن بنائیں اور استعمال فرمائیں +

ترکیب۔ اول پارہ اور سم الفار کو خوب کھرل کریں۔ پھر بیر بہوٹی ڈال کر خوب کھرل کریں۔ پھر زردی بیضہ ڈال کر پانچ چھ روز برابر کھرل کریں۔ جب دوا کھرل کرتے خشک ہو کر گولی بننے کے لائق ہو جاوے۔ بقدر دانہ نخود گولیاں بنا کر آتشی شیشی میں ڈال کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں لیکن آگ کوئلوں کی شیشی کے ارد گرد دھیمی سلگائیں آدھ یا پون گھنٹے بعد تیل نکلنا شروع ہوگا اور دو تین گھنٹے میں تیل نکل آئیگا

استعمال اس طرح سے کریں کہ وقت ضرورت پان لیکر اس کو ذرا سینک کر اس پر روغن چپڑ کر اس پان کو عضو پر حشفہ اور سیون یعنی نیچے کا حصہ چھوڑ کر باندھیں اور صبح کھولیں۔ اسی طرح چند روز عمل کریں۔ آبلہ ذرا پڑیگا۔ تو پھر طلا نہ کریں۔ پھر عضو پر روغن گاؤ آگ پر سرخ کیا ہوا لگائیں۔ دن میں دو چار دفعہ روغن لگائیں بڑی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ عجیب روغن دافع سستی نامردی ہے +

نسخہ روغن تقویت باہ دافع سستی اعصاب کو مجرب: گھونگچی سفید۔ پوست بیخ کیکر سفید۔

اسگند ناگوری - تج - دار چینی - عاقرقرحا - تالمکھانہ - تخم اوٹنگن - اندرجو - اسپند - کلونجی - تخم پیاز - مغز بیر دانہ -
ہالنگنی - سم اسپ نر ہر ایک چھ ماشہ - چرونجی - چلغوزہ - بیج اونٹ کٹارا - دیودار - عود غرقی - موصلی سیاہ ہر ایک تولہ -
جائفل - لونگ - رسکپور - تخم دھتورہ ہر ایک تین ۳ ماشہ - افیون دو ۲ ماشہ سبکو جُدا جُدا باریک کرکے ڈیڑھ چھٹانک
روغن زرد میں ملاکر زردی بیضہ مرغ دس عدد بھی شامل کرکے شیشی میں سب کو ڈال کر گرم راکھ میں
دفن کریں کچھ روز کے بعد نکالیں - یہ تیل سب ہو جائیگا - اس کو پھر طلا کے کام میں لائیں +

نسخہ روغن زردچوب - دافع سوزاک جو تین ہفتہ استعمال کیا جاوے ہلدی ایک سیر
جو کوب کریں اور دس چھٹانک دودھ گاؤ عمدہ جو چکنا ہو ملائیں اور خشک ہوتے پر بذریعہ پتال جنتر تیل کشید
کریں - بوقت ضرورت صبح کو ایک سیخ مکھن یا ملائی میں لگاکر مریض کو کھلائیں بفضل خدا چند روز میں
سوزاک رفع ہو مجرب ہے - پرہیز گرم و تیل والی اور ترش اشیاء اور مرچ سرخ اور جماع سے ضروری ہے +

نسخہ روغن دافع گرانی گوش و بہرہ پن لہسن کو چھیلکر اور پیسکر عرق پانچ ۵ تولہ نکالیں - اور
بکری کا پتہ پانچتولہ - روغن کنجد پانچ تولہ ملاکر نرم نرم پکائیں کہ صرف تیل ہی باقی رہجائے - سرد کرکے چھانکر شیشی میں
رکھلیں - دو تین قطرے کان میں ڈالیں - گرانی گوش اور بہرہ پن کے لئے مجرب ہے +

نسخہ دافع ناسور وغیرہ - ہر قسم کے زخم ناسور و بواسیر و مقوی اعضا ہے - جدوار خطائی کتھ سفید - جائفل -
رال سفید - دار ہلد - چوب چھاؤ - چوب دیودار - بہروزہ - ہلیلہ - بلیلہ - آملہ - آبنوس - پوست درخت سنبل ہر ایک تولہ -
کنکول - مرچ سیاہ - سپاری - چوب چینی - ملیٹھی - دود چھپر یعنی دھواں جو چھپر یا چھت میں جو دل نے بھونے والوں
کے لگا کرتا ہے - خانہ عنکبوت یعنی سفید جھلی مکڑی جو بعض پورانے مکانوں میں لگی ہوتی ہے - انبہ ہلدی ہر ایک چھ ماشہ
برگ حنا - برگ پان قسم گکڑی نو ماشہ سبکو جوکوب کرکے ڈیڑھ سیر پانی میں پکائیں جب چہارم پانی باقی رہجائے
تو چھانکر اس پانی میں مومیائی اصلی - اشق - شنگرف - ہڑتال ورقی - مرداسنگ سفید ہر ایک تین ماشہ باریک کرکے
ملائیں اور سوا پاؤ روغن کنجد یعنی تلوں کا بھی ملاکر نرم آگ پر پکائیں کہ سب پانی جلجائے پھر تیل کو سنبھالکر رکھیں +

نوٹ - ان کے علاوہ اور ہر قسم کے نسخے ہماری تیار کردہ گنجینہ طبیب ہر چہار حصہ اور طبیب نسواں
اور کلید نوشتہ قسمت وغیرہ کے کارخانہ حاجی محمد اصغر علی منیجر یونانی دواخانہ لودیانہ سے تیار ہو کر مل سکتے ہیں
اور فہرست کارخانہ بھی مفت کارڈ بھیجکر طلب فرمائیں - اپنا پتہ صاف خوشخط لکھیں یہ تاکید ہے +

فصل دوم - مرہم ہر قسم

نسخہ مرہم - فرمودہ سید احد شاہ ملک کشمیر۔ ہر قسم کے زخم کو مفید ہے۔ گندہ بروزہ تر ایکتولہ۔ موم اصلی دو تولہ تیل سیاہ یعنی سرسوں کا دو تولہ ان سب کو کڑچھے میں ڈال کر پگھلائیں اور مفصلہ ذیل دوائیں باریک کر کے اُس میں خوب ملا کر رکھیں۔ نیلا تھوتھا۔ سہاگہ ہر ایک دو ماشہ۔ مردار سنگ۔ شنگرف رومی۔ زنگار۔ ہر ایک نیم تولہ سنگجراحت پھٹکڑی سندرس ہر ایک چار ماشہ سفیدہ کاشغری ایک ماشہ۔ یہ مرہم نہایت مفید ہے +

نسخہ مرہم - جو آتشک جذام کے زخموں کو رفع کرے - فرمودہ شاہ صاحب مذکور۔ مردار سنگ دو تولہ۔ پانی لہسن ایک پاؤ میں تین ۳ روز کھرل کر کے رکھیں اور زخموں پر لگائیں +

پرہیز - نمک - ترشی - مچھلی وغیرہ سے دودھ گھی کا استعمال خوب کریں +

نسخہ مرہم - دافع بواسیر خونی و بادی وغیرہ کو مفید ہے سہاگہ۔ نوشادر کمیلہ۔ تارا میرا ہر ایک تولہ۔ سمندر سوکھ دس تولہ۔ ترکیب بغیر سمندر سوکھ کے اور تینوں کو علیحدہ علیحدہ باریک پیسکر کپڑچھان کر کے تیل مذکور میں ملا کر رکھیں پہلے پانچ روز سمندر سوکھ دو تولہ شربت مصری سے پھانک کر پھر مرہم ایک دو رتی صبح و رات کو مقعد پر لگائیں مجرب ہے۔ **پرہیز** ترش اور بادی اشیاء سے ضروری ہے +

نسخہ مرہم - جو زخم خبیثہ اور ناسور کیلئے مفید ہے سیماب یعنی پارہ بارہ ۱۲ ماشہ۔ رال ڈھائی تولہ مردا سنگ موصلی سفید۔ تخم اجمود ہر ایک تولہ آٹھ ماشہ۔ دانہ الائچی خرد ڈیڑھ ماشہ۔ موصلی سیاہ ساڑھے چار ماشہ۔ میٹھا تیلیہ پانچ ماشہ چھالیہ دو عدد۔ نارجیل ڈھائی تولہ۔ پہاڑ کی جلی ہوئی مٹی پانچ ماشہ سب کو علیحدہ علیحدہ پیسکر چھان کر گائے کے گھی میں اس قدر گھوٹیں کہ مثل مرہم کے ہو جائے۔ پھر استعمال کریں مجرب ہے +

نسخہ مرہم بہروزہ - اوّل بہروزہ خشک پونے چار تولہ لیکر پیسکر گرم پانی ڈالیں اور کھرل کریں۔ پھر پارہ سوا تولہ۔ طوطیا تین ۳ ماشہ ہر دو کو پیسکر اسقدر کھرل کریں کہ پارہ ناپید ہو جائے پس مرہم تیار ہے۔ یہ نواسیر۔ بواسیر۔ باد فرنگ۔ زخم ہائے جائے بول مرد اور زبان کیلئے مفید مرہم ہے۔ صبح و شام زخموں پر لگائیں +

نسخہ مرہم - گرم پانی یا تیل یا آگ سے جلی ہوئی جگہ کو مفید ہے سفیدہ کاشغری تین تولہ گل روغن پانچ تولہ مردا سنگ اور موم اصلی ہر ایک دو دو تولہ۔ اوّل روغن کو گرم کر کے موم کو ملائیں۔ پھر دوسری دواؤں کو باریک پیسکر

اس میں ڈال کر نیم لکڑی سے خوب ہلائیں کہ مرہم کا قوام ہو جائے پھر اس کو لگائیں مجرّب ہے +

نسخہ مرہم رال - یہ مرہم پرانے زخموں اور ناسور اور آتشک کے قرحوں کیلئے بھی مفید ہے -
کتھ - رال - کافور ہر ایک ڈیڑھ تولہ سب کو علیحدہ علیحدہ مثل غبار پیسکر مکھن یا تازہ گھی ملا کر لوہے کے برتن میں اوّل نرم آنچ پر گرم کریں - پہلے رال ڈالیں پھر کافور - پھر کتھ سب کو خوب ملا کر عمدہ طرح سے پکا کر اوتار لیں - پہلے پورانے زخموں کیلئے یہ مرہم نصف جدا رکھیں اور باقی نصف میں ایکعدد سیپاری جلا کر اسمیں ملائیں اور پھاہا زخم پر تین روز یہ لگائیں بعد تین روز کے پھر مرہم بغیر سیپاری کے نئے اور پورانے زخموں پر لگائیں +

نسخہ مرہم نیم - ہر قسم کے زخم اور ناسور کو جلد اچھا کرتی ہے - گائے کا گھی تازہ ایک پاؤ لیکر سو دفعہ پانی سے دھوئیں - پھر اس میں دس تولہ برگ نیم تازہ باریک پیسکر ٹکیہ بنا کر اس گھی میں بریاں کریں - جب ٹکیہ سیاہ ہو جائیں - تو گھی سے نکال ڈالیں اور اس گھی میں دس تولہ موم اصلی ڈالکر گداز کرکے نیم کے ڈنڈے سے گھوٹیں - پھر کمیلہ - سہاگہ ہر ایک ماشہ نیلا تھوتھا دو ماشہ - برگ مہندی - برگ نکو ہر ایک تولہ سب کو باریک مثل غبار کر کے ملا کر رکھ لیں - مرہم مفید ہے بفضل خدا چند روز میں زخم ناسور رفع ہو +

نسخہ مرہم دافع خارش خصیتین - ماجو - کتھ گلابی - گیرو ہر ایک تولہ سب کو باریک پیسکر روغن تیلی میں حل کریں اور خصیوں پر ضماد کریں قدرے چنے عرق مونڈی میں رات کو بھگو کر صبح چبالیں - مجرّب ہے -

نسخہ مرہم دافع درد خصیہ - رسونت ایکتولہ - ایلوا دو ماشہ ہر دو کو پانی میں پیسکر ضماد کریں درد وغیرہ رفع ہو +

نسخہ ورم خصیہ - زردی بیضہ کنجشک خانگی ایک عدد میں گل ارمنی تین ماشہ کافور ڈیڑھ ماشہ اور گل روغن دو تولہ سب کو خوب کھرل کرکے فوطوں پر ضماد یعنی لیپ کریں - اور پینے کیلئے شہد یوی بوٹی چھ ماشہ مرچ سیاہ پانچ دانہ - پانی میں پیسکر چھانکر قدرے پتاشے ڈال کر بوقت صبح پی لیا کریں مجرّب ہے +

نسخہ بتوره دافع خارش خصیہ - مکھن گائے کا پانچ تولہ سیندور ایکتولہ - گندھک آملہ سار چھ ماشہ سب کو خوب کھرل کر کے دانوں پر لگائیں - دانے و درد خصیہ رفع ہو مجرّب ہے +

نوٹ - جو دوا آپ خود تیار نہ کر سکیں وہ کارخانہ حاجی محمد اصغر علی منیجر دواخانہ یونانی لودیانہ سے تیار کروالیں - پہلے خط و کتابت کر کے قیمت کا فیصلہ کر لینا چاہئے - اور پتہ اپنا صاف و خوشخط تحریر فرماویں یہ تاکید ہے - فہرست کارخانہ بھی مفت مل سکتی ہے +

باب ساتواں

مختصر لغات اُدویات جو کتاب ہذا میں درج ہیں

ردیف ۔ الف

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
ابہل	کنکول مرچ یا ہاﺅبیر	ادرک	زنجبیل یا سونٹھ خشک تر کو ادرک
اتیس	ایک گھاس کی جڑ بھورا رنگ	اٹ سٹ	بسکھپرہ سفید[2]
اجمود[1]	اجوائن ولایتی یا کرفس ہندی	اخروٹ	جوز ۔ گردگان
اسگندھ	سفید لکڑی عوام ناگوری اسگند	اذاراقی	کچلہ (زہردار ہے) حب الغراب
ارجن	ایک ہندی مشہور درخت ہے	ارنڈولی	ارنڈ کا پھل ۔ بید انجیر
اڑوسہ	بانسہ پھیکڑ ۔ بسوٹی ۔ اہلو غلسا	اساروں	دونتر بالا ۔ سوگندہ بالا
اسپند	حرمل ۔ کالادانہ ۔	اسطوخودوس	ایک بوٹی قسم گھاس ہے
اشنہ	لانا ۔ لانی ۔ درخت اشنخار	اطریلال	کاک جنگلی ۔ پاؤزاغاں ۔ اطفار طیب ۔
اصل السوس	ملٹھی ست کو رب السوس	.	حشیشة الارض
اظفار الجن	کرنیات ایک گھاس ہے	افسنتین	خترق ۔ ایک گھاس کڑوا
اک یا آک	عشر یا مدار ۔ خوک	اکسن	بھبولا بوٹی جیسا ہوتا ہے
اقاقیا	عصارہ پوست درخت	اکتکمت	کرنجوہ ۔ خایہ ابلیس میچکہ
ابرک	ابرک یا طلق	انجرہ وقریص	تخم اوٹنگن

[1] اجمود ۔ یہ اجوائن سے دوگنا موٹا ہوتا ہے اور کرفس ہندی بھی کہتے ہیں رنگت بھی اجوائن سے مختلف ہے +

[2] بسکھپرہ سفید مشہور بیل ہے ۔ نیم گز تک پھیل جاتی ہے اور شاخوں کے درمیان قبہ سے بلند ہوتے ہیں اور بیج خرفہ جیسے سیاہ باریک اس کی ۲ دو قسم ہے ایک سفید ۔ دوسری سرخ ۔ سفید کو اٹ سٹ اور سرخ کو بسکھپرہ اور پتا چوڑا ہوتا ہے +

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
اونٹ کٹارا	ایک مشہور رہندی بوٹی ہے ؎	انگوزہ۔انگزو	ہینگ۔صمغ انجدان سیاہ
ایل پالک	جنگلی پالک کو کہتے ہیں	اندرائن	حنظل
		ایلوا	صبر

ردیف۔ب

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
بادرنجبویہ	بلی لوٹن	بقلتہ الحمقا	خرفہ
بائے بڑنگ	بڑنگ کابلی	برہمی	تالیس پتر۔ایک پانی کی بوٹی
بسد	مونگا۔جڑمرجان	بیر بہوٹی	کرم مخمل یہ مشہور کرم سرخ رنگ ہے
بسفائج	ایک قسم کی جڑ ہے	بھون پھلی	بھوپھلی بھپلی
بادیاں	سونف	بندال	کڑوی توری
باوچی	باپچی	بن کی چھال	کپاس کی چھال
بسباسہ	جاوتری	بہوپھلی	ایک بوٹی لیسدار ہے
برنا گوکھرو	بڑا بھانگرہ	بول سر	مولسری
بکائن	آزاد درخت یعنی ڈیک	بوزیدان	ایک جڑ ہے
بنولے	تخم کپاس بعض ڑیمن کہتے ہیں	بیدانجیر	ارنڈ۔رینڈ
بورجھڑی	جھڑبیری ملہے بھی کہتے ہیں	بیخ قصب	بیخ نے
بھلانوہ	بلادر حب الکلب	بندق ہندی	ریٹھہ۔اریٹھہ
بچ	جنگلی بوٹی کی لکڑی۔اگر ترکی	بھٹ کٹائی	کٹیلی کٹائی خورد
بیلگری	مغز بیل ایک درخت کا پھل	بیش	بچھناک بس میٹھا تیلیہ
باوروج	تلسی جنگلی	بہروزہ	یہ ایک پہاڑی درخت کی گوندہے

؎ ایک خاردار بوٹی ایک گز اونچی کانٹے دار شاخوں پتوں اور پھول سفید گول ان پر بھی کانٹے پتے بڑے بڑے بھٹ کٹائی یعنی چھمک نمولی جیسے خشک زمین میں پیدا ہوتا ہے +

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
ردیف۔ پ			
پاپڑہ	خبازی	پلاس پاپڑہ	تخم ڈھاک۔ تخم پلاس
پیلامول	فلفلمویہ پیلامور	پیپل یا پیپلیاں	فلفل دراز۔ گھاں
پھٹکنڈہ	چرچٹہ۔ تخم خارداگونہ۔ چرچرہ	پپیتہ	ارنڈ خربوزہ
پیوٹن	کاکنج	پنج رنگ پنچانگ	کسی درخت کے پھل پھول پتے شاخیں جڑیں
پشک موش	چوہے کی مینگن	پنجکست	سنبھالو
پت پاپڑہ	شاہترہ	پترج	ساذج
پھال بید	جنطیانہ	پڑبٹی	پتھر چٹہ
ردیف۔ ت			
تساح	مگر۔ مگرمچھ	تگھ	دھان یا گیہوں کی بھوسی
ترپھلہ	ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ کا مرکب ہموزن	تیوراج	اندرجو کی چھال
تراب الہالک	سم الفار سنکھیا	تیزپات	ساذج ہندی۔ تیزی۔ تیج بل
ترکٹہ	سیاہ مرچ۔ سونٹھ۔ گھاں کا مرکب ہموزن	تھتورہ	دھتورہ۔ جوز ماثل
تریاک	افیون	ترب	مولی
تخم جرجیر	تارامیرہ۔ ترمیرہ۔ گیگ	تیج بل	تیزپات
تربد	نسوت	تمبر	کبابہ
تگر	اسارول	تالیس پتر	زرنب۔ برہمی
ترایاں	لجالو۔ لاجونتی یا چھوئی موئی بوٹی	تلسی جنگلی	ریحاں دشتی
ردیف۔ ج۔ چ			
جرجیرہ	لٹ جیرہ	جاتی	جوتری

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
جاہی جوہی	جنگلی چنبیلی [1]	چٹا بانسی	باچھڑ
جھاؤ	درخت گز۔ طرف	جل کمبھی	ایک پانی پر پودا جمتا ہے
جوانسہ۔ جواہنہ	ایک گھاس کانٹے دار	چشتخام	چاکسو
جند بیدستر	خصیۂ سگِ دریائی	چھترک	چھیتہ شیطرج ہندی
جوز بوا	جائفل	چرچٹا	لٹ زیرہ
جوز ماثل	دھتورہ۔ تاتورہ	چارولی	چرونجی
جل نیب	پرلونیا [2]	چترٹوپن	مکو۔ عنب الثعلب
جاؤشیر	گوند ہے	چرمٹی	گھونگچی جس کو رتکاں کہتے ہیں
جل بھنگرہ	شتر خار۔ حاج	چھپلا	ڈھاک
جنطیانہ	پکھان بید	چرک آہن	لوہے کی میل
جوز القی	مین پھل	پہار چھبیلہ	پتے بوٹی خو
جلاپا	جلپ مشہور جلاب لینے کی جڑ	چھلیرا	رشتہ چھڑیلہ
جلنار	گلنار پھول انار	چوک	جڑ فلفل دراز
جیاپوتا	دانے دانے صاف ہیں ہندو مالا بناتے ہیں	چوب میدہ	میدہ لکڑی مشہور ہے

ردیف۔ ح خ

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
حرمل	اسپند	حب الغراب	کچلہ۔ اذراقی
حضض	رسوت	حرمزی	ہرمچی از قسم گیرو سرخ
حلبہ	میتھی	علزول	سنگھ

[1] یہ باریک پھول چنبیلی جیسا تھوڑی خوشبو رکھنے والا +

[2] مصفی خون بوٹی ہے لب آب سرو جیسا پودا اوپر خوشنما گلابی ہلکا پھول +

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
خارپشت	جنگلی چوہا	حجر البقر	فادزہر حیوانی
خفاش	چمگادر۔ شپ پر	حسن یوسف	یہ دانے معدنی میں گندھک کے
خربق	کٹکی	حب القرطم	تخم کسنبہ یعنی کڑو
خولنجاں	کلیجن۔ پان	خرمہرہ	کوڑی پیلی یعنی زرد رنگ
خبث الحدید	لوہے کی میل	خردل	رائی
حسک	کڑو	خطمی	گل خیریکا پودا
حب القلب	کلتھی	خارخسک	گوکھرو۔ بھکڑہ
حنظل	اندرائن۔ تمہ۔ کوڑتمہ	خشخاش	تخم پوست یعنی ڈوڈہ افیون والا
ردیف۔ د۔ ڈ۔ ذ			
دار فلفل	پپلاموں۔ پیپرامول	ڈورلا	باونجاں صحرائی بھٹ کٹائی۔
درونج عقربی	جڑ لوک کی طرف ٹیڑھی		ماروبنگین بھی کہتے ہیں
دندبورہ	برادہ دانت ہاتھی	ڈھاک	چھچھرا درخت ٹیسو۔ پلاس
دیودار	صنوبر	ڈانسرہ	تنتڑیک ایک تخم ترش
دھان	چاولوں کے پودے	ذرہ	جوار غلہ ہے
دھماہہ	قسم جوانسہ کانٹے دار	ذہب	سونا
دوقو	تخم گزر یعنی بیج گاجر	ڈیلا	پھل درخت کریر
دم الاخوین	رنگ سرخ گوند	ڈابھ	ایک قسم گھاس کی ہے
دہن الثور	روغن گاؤ	ذات الذائب	برگد۔ بڑ درخت مشہور عام ہے
دوب گھاس	سفید گھاس	ذراریح	تیلن
ردیف۔ ر۔ ز			
رام پتری	ہندی مشہور دوا	رائی	خردل

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
زرنب	یہ بھی مشہور بوٹی ہے	زلو۔زلوچہ	جونک
روفس	اذخر	رازیانہ	سونف۔بادیاں
روغن بید انجیر	تیل تخم ارنڈ	ریوند چینی	جڑ ہے زردی مائل
ریوند خطائی	جڑ ہے سرخی زردی مائل	راتینج	گوند صنوبر کا ہے
روونتی رودونتی	ایک پہاڑی بوٹی ہے	راسنا	راسن
راسنا جال	بندال توری	رتن جوت	ایک بوٹی سرخ ہے
زراوند طویل	ایک جڑ مشہور دوا ہے	زبدالبحر	کف دریا
رائی	خردل	زاک	زاج۔پھٹکری کئی رنگ ہے

ردیف س ش

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
ساجی	اشخار۔سجی	سہجنہ [2]	سہانجنہ۔سرجنہ درخت ہے
ستارو	افسنتین	سنبل چینی	کباب چینی
سرپھنکہ	سرپھوکہ۔سوفار	سونٹھ	زنجبیل ادرک خشک
سنگڑ	زقوم تدھار	سہوری کا دودھ	تھوہر کا دودھ
سنکھاہولی	ہندی مشہور بوٹی [1]	شاہ دیمک	سلطان ارضہ۔سردار دیمک
سبوس گندم	چھان آٹا گندم	شہدانج	تخم قنب۔بھانگ۔بھنگ
سرمق	اسفاناج رومی۔بہتوا	شیس	سکہ۔سیسہ
سلطان ارضہ	شاہ دیمک۔سردار دیمک	شیطرج	چیتا بوٹی
سنگدانہ	معدہ حیوانات	شاہسفرم	نیازبو قسم تلسی

[1] یہ سبزہ زمین پر افتادہ پھول سفید ذرا گلابی صبح اور رات کو خوب کھلتا ہے

[2] ایک درخت ہے اس کو لمبی لمبی باریک پھلیاں لگتی ہیں اور لوگ اچار بھی ڈالتے ہیں

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
شالی	ایک قسم چاول	شبت	سویا۔سوار
شبو	شب بوئے خیری پھول ہے	شیرک	قاضی دستار۔دودھک چھتری
شریفہ	سیتا پھل یہ مشہور پھل ہے	شونیز	کلونجی
سوندر	شلجم بری	شقاقل	جڑ شیریں مشہور ہے
شیرخشک	شیرخشت	شب یمانی	پھٹکڑی
شیشم	مشہور درخت ٹاہلی بھی ہے	شیولنگی	یہ ایک پودا ہے اسکی جڑ کو شیولنگی کہتے
سینڈھ	زقوم۔تھوہر	.	ہیں کیونکہ اسکو ایک پھل مثل ٹھیکیہ کے لگتا
سوسمار	ضب۔گوہ جانور	.	ہے اور پختہ ہونے پر سُرخ ہوجاتا ہے اسکے بیج
سلطان الاشجار	درخت زکریا یعنی سرس اور سہرین	.	میں سیو کے لنگ جیسا تخم نکلتا ہے +

ردیف۔ص۔ض

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
صبر سقوطری	ایلوا گھیکوار کا عصارہ	صعتر	قسم پودینہ کوہی
صمغ عربی	گوند ببول یعنی کیکر	صمغ پلاس	گونڈ ڈھاک
صندل سفید و سرخ	چندن بھی کہتے ہیں ۲ قسم ہے	صنوبر	یہ ایک درخت ہے
صدف	سیپ جسمیں موتی ہوتے ہیں	صرصر	جھینگر
صفرا حون صعود	مولا	ضبع	بجّو جانور
ضر	لوبان	ضان	بھیڑیا
ضفدع	مینڈک	ضبت	سوسمار۔گوہ جانور ہے

ردیف۔ط۔ظ

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
طلق	ابرک۔ابرق	طباشیر	بنسلوچن مشہور نام

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
طراشیت	بلکھتہ	طالیسپر	طالیسفر
طوطیا	نیلہ تھوتھا	ظلف	کھر یعنی سم

ردیف - ع - غ

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
عدس	مسور غلہ ہے	غذتبین	مائیں خورد و کلاں
عود خام عود ہندی	اگر (لکڑی خوشبودار ہے)	عفص	مازو
عود صلیب	ایک پھل (انگلی جیسا ہے)	عنب الثعلب	مکو (مشہور بوٹی ہے)
عصفور	کنجشک (خانگی چڑیا)	عشر	آک - مدار
عروسک	رتک گھونگچی - لالڑی	عین الدیک	عروسک - رتک گھونگچی
علم مقلم	ہڑتال ورقی	غافث	گل خلہ - گھاس ہے
غاریقون	لکڑی ہے	غنچہ گل	گلاب کا پھول

ردیف - ف

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
فلفلمویہ	پیلا مول - پیلا مور	فنجنکشت	سنبھالو - بزر اثلق
فندق	بندق - بادام کشمیری یا کوہی	فوۃ الصباغین	مجیٹھ - روناس
فلفل گرد فلفل سیاہ	مرچ سیاہ و سفید	فلفل دراز	پیپل مگھاں
فرنجمشک	دانہ خرد مائل بہ سیاہی تخم ریحاں	فستق	پستہ
فرفیر	گل بنفشہ	فوفل	سپاری - چھالیہ
فرفیون	ایک درخت کا دودھ ہے	فرید بوٹی	یہ ایک مشہور بوٹی ہے
فجل	مولی مشہور ہے ترب بھی کہتے ہیں	فادزہر معدنی	زہر مہرہ خطائی

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
ردیف - ق			
قاقلہ	الائچی ہیل - دو قسم کی ہوتی ہے	قاضی دستار	شیرک
قرطم حب القرطم	تخم کسنبہ - پوہلیاں	قصب الزریرہ	چرایتہ
قنبیل	کمیلہ - کبنیلہ	قرنفل	لونگ
قلت	کلتھی	قثاء الحمار	کریلا
قسط شیریں - قسط تلخ	کوٹ میٹھا و کڑوا	قرفہ	تج
ردیف - ک			
کانون	مکو عنب الثعلب	کچنار	کولاڑ مشہور درخت ہے
کاغنہ	بیر بہوٹی - کرم مخمل	کٹکی کٹیلی	کٹائی مشہور پھل گول ہے
کبکنج	دھنیا	کرنجوہ	اکتمک - میچکہ
کچلہ	اذراقی	کبیر الاشجار	برگد - بروٹہ درخت مشہور
کچور	زرنباد - نرکچور	کڑو	کبیر - قرطم یعنی حب القرطم
کپور کچری	ایک قسم از کچور	ککروندہ	کوکر چھدّی - کوکروندہ بوٹی
کرنڈ	بہتوا	کھٹکل	کھٹی بوٹی باغوں میں زرد پھول
کلونجی	شونیز	کندش	نکچھکنی - دو قسم
کسچہ	کرنجوہ - میچکہ	کنوار گندل	گھیکوار
کندرو	گوند مشابہ مصطگی	کہنکالی	بسفائج
کوکن بیر	ثمر کوکنار صحرائی	کھپریا	سنگ بصری
کانجی	پانی رائی نمک جسمیں ماش کے بڑے تر ہوں	کائپل	ایک چھلکا درخت کا ہے

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
کافور بھیم سینی	ایک کافور بنایا جاتا ہے	کلیجن	خولنجاں یعنی پان کی جڑ

ردیف۔گ

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
گاؤزدھن	حجر البقر گاؤلوچن [1]	گذر	گاجر مشہور ہے
گج پیپل	بڑی پیپل یعنی فلفل دراز	گلچگان	مہوہ
گل قرسی	مشہور پھل جو ہاتھوں کو رنگدے	گل ٹیسو گل پلاس	پھول ڈھاک یعنی پھول کیسو
گومہ	ایک بوٹی گوماں جوار کے کھیت میں	گیندا	صد برگ مشہور پودا ہے
گندہ بہروزہ	مشہور بہروزہ۔ قند رطب	گلنار	پھول انار
گل سرخ	اصلی گلاب کے پھول	گوگرو	گندھک دو قسم کی ہے
گوکھرو	بھکڑہ کانٹے دار پھل بوٹی	گنجا کے پھول	گھونگچی یعنی رتنک کے پھول

ردیف۔ل

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
لاجونتی۔لجالو	چھوئی موئی۔لجونتی	لسان العصافیر	اندرجو
لک	لاکھ	لٹوپڑی	کرفس دشتی۔بیلیچ
لولو	موتی مروارید ناسفتہ سچے	لونگ	قرنفل۔میخک
لہسن	سیر۔تھوم۔توم	لانہ	درخت اشخار۔رشنہ۔اشنان
لہسوا یا لہسوڑہ پھل	یہ درخت کا پھل جسکو سپستان کہتے ہیں	لبلاب	بوٹی عشق پیچہ [2]

[1] گائے روہن بھی کہتے ہیں۔ یہ کسی گائے کے شیردان یا زہرہ یعنی پتہ یا گردہ کے نکلتا ہے۔ پہلے نرم پھر سخت پتھر رنگ زرد ہوتا ہے اور کارخانہ حاجی محمد اصغر علی مالک دواخانہ لودیانہ سے بکفایت مل سکتا ہے +

[2] یہ بیل باغوں میں اور صاحب لوگوں کی کوٹھیوں کے دروازوں پر پھیلی ہوئی ہوتی ہے +

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
لک مغسول	لاکھ صاف کی ہوئی	لوہچون	لوہے کا برادہ
لوہے کی میل	خبث الحدید	لہسن جنگلی	موسیر۔ اسقوردیون
لیموں کاغذی	عمدہ باریک چھلکا نیبو	لونیا	قسم خرفہ۔ تلخ باریک پتے

ردیف۔ م

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
مُر	بول۔ یہ گوند ہے	مقل ارزق	گوگل مشہور گوند ہے
مرزنجوش	دونا۔ مروا	مصطگی رُومی	ایک گوند درخت کی ہے
موصلی سفید سیاہ	یہ ایک بوٹی کی جڑیں مشہور ہیں	مغیل	کیکر۔ ببول
مونڈی	منڈی مشہور بوٹی تکمہ جیسی	میعہ سائلہ	سلارس
موتھا	سعد	مین پھل	جوزالقے
مجیٹھ	فوہ۔ روناس	میٹھا تیلیہ	بیش۔ بچھناک زہردار جڑ ہے
مروڑ پھلی	پیچک۔ کشت برکشت	مشکطرامشیع	پودینہ کوہی
مکو پتھر	سفید پتھر یا مٹی سنگ شال	مکو	عنب الثعلب
ملٹھی	اصل السوس (لکڑی بوٹی کی)	مویز منقیٰ	انگور خشک دانہ نکالا ہوا
ممولی نمولی نیم	پھل درخت نیم یا نیب	موش کور	چھچھوندر۔ قسم چوہا
میتھی	بزرالحلبہ۔ تخم شملیت	مینڈھا سنگھی	مینڈھا دودھی سلے

ردیف۔ ن

الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل یا مشہور نام
ناگدوں	ہلیون خار۔ چوبہ	نیلہ تھوتھا	توتیاء سبز۔ توتیا اصفر۔ طوطیا

سلے یہ بیل مشہور ہی درختوں پر چڑھتی ہے۔ پتے گلو جیسے مگر سخت اور سیاہی مائل سبز رنگ کے پھول اور زرد پھل جفت دو شاخہ روئی اس میں۔ تخم آک جیسا۔ ہر حصہ میں توڑو تو دودھ نکلتا ہے۔

الفاظ حل طلب	حل تا مشہور نام	الفاظ حل طلب	حل تا مشہور نام
نیل کنٹھی	مشہور بوٹی ہے	نانخواہ	اجوائن دیسی
نمک اندرانی	لاہوری عام پنجاب کا نمک	نشاستہ	گیہوں غلہ کا ست
نحاس	تانبہ مس	نخاع	حرام مغز
نخامہ	سبوس گندم۔ چوکر چھان آٹا	نمک سنگ	عام لاہوری نمک
نظروں	گھاس ہے	نمام	ایک قسم تلسی بوٹی
نیازبو	مرآدونا۔ مشہور خوشبودار بوٹی ہے	ناگرموتھا	سعد کوفی
ناگ کیسر	مشہور گول سرخ دانہ ہے	ناگربیل	پان۔ برگ تنبول
نسوت	تربد سفید لکڑی ہے	نرگنڈی	سمنبھالو
نیترمالا	لکڑی مشہور ہے	ناگدون	مشہور بوٹی ہے

ردیف۔ و

وج	وج۔ اگر ترکی	وال	گوہ۔ سوسمار۔ سگوئی
واڈرنگ	باڑنگ کابلی	ورق الخیال ورق الشاہ	بھنگ
ورد	گلاب کے پھول	وسمہ	مشہور نیل کے پتے ہیں

ردیف۔ ہ۔ ی

ہرن کھری	ڈانگری بوٹی	ہنسراج	پرشاؤشاں
ہرمچی	ایک مٹی قسم گیرو	ہلہل	مشہور بوٹی سفید زرد پھول
ہلیون	ایک پھل مکو جیسا	ہندبا	کاسنی مشہور بوٹی
ہلیلہ خرد کلاں	ہڑ مشہور پھل خورد و کلاں	ہلدیہ	زہردار گٹھی ہلدی جیسی کمیاب
ہینگ ہنگ	مشہور ہے۔ انگوزہ حلتیت	ہیراکسیس	زاک سبز زاج الخضر مشہور ہے
یاسمین	چنبیلی مشہور بوٹا	یشب	سنگ یشم مشہور پتھر سبز سفیدی مائل

فہرست مضامین گنجینہ عطاری المعروف دواسازی یونانی

تمام شد

گنجینہ طبیب حصہ اوّل

انیسواں ۱۹ اڈیشن حجم صفحہ ۲۸۸ قیمت بلاجلد عہ/ - مجلد عہ/ - محصولڈاک سات آنے

یہ کتاب علم حکمت میں اب انیسواں ۱۹ دفعہ بفضل خدا شائع ہو کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔ اس میں جو نسخے درج کئے گئے ہیں یہ سب تیر بہدف ہیں۔ عام اشتہاری کتابوں کی طرح یہ نہیں۔ اس کا ہر نسخہ مجرّب ہے۔ اسی باعث ہر لبشر اسکا مدح خواں ہے۔ اور یہ کتاب ہر شہر قصبہ۔ گاؤں میں پہنچ گئی ہے۔ اس کتاب کے مقبول اور مفید ہونے پر اکثر لوگوں نے اسی نام پر کتابیں طبع کی ہیں۔ سو آپ اچھی طرح سے **حاجی محمد صغر علی مصنف کا نام اور ٹریڈ مارک کتاب کی شکل کا پہلے صفحہ پر دیکھ کر** کتاب کو خرید کریں یہ تاکید ہے۔ **اگر ٹریڈ مارک کتاب کی شکل کا نہ بنا ہو۔** تو وہ کتاب نہ خرید کریں +

الحمدللہ جس شخص نے اس کتاب کو بنظر غور و انصاف دیکھا تو اس نے ضرور مفید عام ریمارک ہی دیا۔ اس جامع کتاب میں ہر مرض کا مجرّب علاج اور عضلات کی تصویریں اور مخزن الادویہ تعویذات مفصل درج ہیں۔ گویا مصنف نے دریا کو کوزہ میں بند کر دیا ہے۔ **قیمت باوجود ان خوبیوں کے صرف ایک روپیہ چار آنہ محصولڈاک سات آنہ کل ایک روپیہ گیارہ آنے**

اس کتاب میں ایک ایک نسخہ پچاس ۵۰ پچاس روپیہ خرچ کر کے حاصل کیا ہوا ہے +

مختصر فہرست مضامین کتاب ہذا ملاحظہ درج ذیل ہے :-

باب ۱ دیباچہ اور علم طب کی تعریف و مزاج۔ غذائی قوتوں اور خلطوں کے نام و تشریح بیان غذا و علامات اخلاط اربعہ مرض کا کا ہونا تشخیص مرض بذریعہ نبض و قارورہ و زبان وغیرہ باب ۲ کل مرضوں کے نام عربی سے اُردو میں باب ۳ انسان کے ہر عضو کی جدا جدا تصویریں معہ اندرون پیٹ کی شکل کے باب ۴ نقشہ کل ادویات کے ہندی و انگریزی وزنوں کا باب ۵ بیان بقائے قوت ادویہ باب ۶ نام دواؤں کا جو رسائن بدن ہیں باب ۷ علم طب کی اصلاحوں کے نام باب ۸ انسان کی کل مرضوں کا بیان و علاج نہایت مجرّب باب ۹ بیان و علاج مردوں میں کن کن باعث سے مرض جریاں سوزاک آتشک کمزوری وغیرہ پیدا ہوتی ہیں معہ مجرّب نسخہ جات جو درج کئے گئے ہیں باب ۱۰ بیان و علاج ان بیماریوں میں جو خاص عورتوں سے مخصوص ہیں مثلاً خون حیض کا بیان اور کم زیادہ یا درد سے کیوں آتا ہے اور درد رحم وغیرہ شناخت حمل لڑکا یا لڑکی ہدایات حاملہ اور استقرار حمل کے نسخہ جات وغیرہ درج کئے گئے ہیں باب ۱۱ بیان و علاج بچوں میں باب ۱۲ مختلف مرضوں کے چیدہ چیدہ نسخے باب ۱۳ ہر قسم کے شربت بنانے کے نسخے باب ۱۴ نسخہ جات اطریفل ہر قسم باب ۱۵ نسخہ جات جوارش ہر قسم باب ۱۶ نسخہ جات معجون وغیرہ و لعوق وغیرہ باب ۱۷ نسخہ جات حلوہ حریرہ وغیرہ باب ۱۸ نسخہ حبوب اکسیری ۴۲ مرضوں کیلئے مفید اور نسخہ دوم ۲ دس امراض کو مفید اور نسخہ سوم ۳ ایک چودہ امراض کیلئے مفید باب ۱۹ بیان و علاج مرض طاعون باب ۲۰ ہر قسم دھاتوں کے کشتہ

کرنے کی ترکیبیں باب ۲۱ ہر ایک دھات کے جوہر اڑانے اور مومیہ کرنے کا بیان باب ۲۲ دھاتوں کے تیل نکالنے کا بیان معہ نقشہ پتال جنتر و دول جنتر باب ۲۳ کشتوں کی شناخت اور زندہ کرنے اور جلندرہ گنگ سیماب کی ترکیب باب ۲۴ اصطلاحی دواؤں کے نام جو فقیروں سنیاسیوں نے وضع کئے ہوئے ہیں باب ۲۵ دواؤں کے مدبّر اور بوٹیوں کے نمک نکالنے کی ترکیب باب ۲۶ زہریلا اثر دور کرنے کے ٹوٹکے باب ۲۷ چیدہ چیدہ شعبدات کی ترکیبیں باب ۲۸ صنعت و حرفت کے چیدہ چیدہ نسخے باب ۲۹ اعمال عجیبہ برائے حب باب ۳۰ متفرق عملیات و تعویذات باب ۳۱ مخزن المفردات معہ خواص جس میں تمام دواؤں کے نام اردو۔ عربی۔ فارسی۔ سنسکرت۔ بھاشہ۔ انگریزی میں درج ہیں باب ۳۲ خواص اکسن بوٹی آک یعنی مدار۔ درخت نیم۔ درخت سرس۔ حنظل یعنی تمہ۔ چل نیم۔ رتن جوت وغیرہ باب ۳۳ طبی معلومات و ہدایات باب ۳۴ چند نسخہ خاص الخاص بیماریوں میں باب ۳۵ بوٹی ستیاناسی معہ خواص ہر حصہ بوٹی کا علیحدہ علیحدہ لکھا ہے باب ۳۶ نسخہ جات علم کیمیا معہ حلالی[1] نسخہ جات درج ہیں۔ قیمت بلا جلد ایک روپیہ چار آنہ۔ مجلد ایک روپیہ چھ آنہ۔ محصولڈاک سات آنے +

گنجینۂ طبیب حصّہ دوم

قیمت بلا جلد ایک روپیہ چار آنے۔ مجلد عہ۔ محصولڈاک سات آنے

یہ حصہ دوم بھی پہلے حصہ کی طرح مقبول عام ہو کر دست بدست فروخت ہو رہا ہے جس کی مختصر فہرست مضامین ذیل میں درج کی جاتی ہے۔ اس کتاب کو بھی ضرور پہلے حصہ کی طرح منگوا کر فائدہ اٹھائیں:۔

باب ۱ عرض مصنف اور تندرستی کی تعریف باب ۲ چہل قدمی کے فائدے باب ۳ ورزش کے فائدے باب ۴ قواعد ورزش اور ہواخوری باب ۵ پانی کے متعلق بیان باب ۶ غسل اور مسواک کے فائدے باب ۷ غذا کا بیان باب ۸ خواب یعنی نیند کا بیان باب ۹ عورت مرد کا اکٹھے سونا اور اس کا نقصان باب ۱۰ مادہ تولید کیا ہے؟ اور کس طرح پیدا ہوتا ہے؟ باب ۱۱ مادہ تولید کا کام باب ۱۲ نوجوانوں کیلئے نصیحت باب ۱۳ کھانے اور پینے کے آداب باب ۱۴ رومی ہندسے لکھنے کا نقشہ جس سے ڈاکٹر نسخے لکھا کرتے ہیں باب ۱۵ نقشہ وزن انگریزی۔ عربی۔ ہندوستانی جو حصہ اوّل میں لکھنے رہ گئے تھے باب ۱۶ خواص عود صلیب باب ۱۷ خواص جانور ہدہد معہ عمل باب ۱۸ صنعت و حرفت کے خاص خاص نسخے باب ۱۹ شعبدات حیرت انگیز باب ۲۰ چند چیدہ چیدہ مرضوں کے نسخے اور ایک نسخہ سرمہ جس سے شرطیہ عینک ہٹ جائے اور حلالی نسخہ جو کیمیا کا تماشہ دکھائے لیکن فائدہ کچھ نہیں ہے باب ۲۱ اکسیر اصغری کا کامل نسخہ معہ امراض وغیرہ جس طرح سے ایک سو پچیس ۱۲۵ مرضوں پر استعمال کی جاتی ہے باب ۲۲ چند مجرب عملیات تعویذات برائے حب نکاح معہ اجازت عام باب ۲۳ ۴۲ بوٹیوں کے نقشے اور جگہ پیدائش اور خواص ہر حصہ کا درج ہے۔ باب ۲۴ سچے پتھروں کے خواص باب ۲۵ مخزن الادویہ انگریزی دواؤں کی معہ اردو نام اور اردو تلفظ کے درج ہے یہ بھی پہلے حصہ سے بڑھ چڑھ کر ہے۔ قیمت بلا جلد عہ۔ مجلد عہ۔ محصولڈاک وغیرہ سات آنے۔ حصہ دوم کی بھی قیمت ۔۔۔ محصولڈاک وغیرہ سات آنہ ہوگا اب بفضل خدا گنجینۂ طبیب حصہ سوم بھی تیار قیمت عہ اور حصہ چہارم دو روپیہ محصولڈاک ہر جلد کا ۔۔۔ ہے

[1] حلالی کیمیا کے جو نسخے ہیں یہ شعبدہ دکھانے کیلئے تو درجہ اوّل ہیں لیکن انکو بنا کر فروخت کرنے سے کوئی بحث نہیں ہے کہ سودہ اگر لو دیا نہ سے جسقدر رول چاہے منگوائیں اور تجربہ کرکے داد دیں نہایت عمدہ ہے + ظہوری کے نام پر پانچ روپیہ تولہ۔ کارخانہ حاجی محمد اصغر علی اسلئے ہم نے آپ کو آگاہ کر دیا ہے۔

گنجینۂ طبیب حصّہ ۳ سوم

قیمت ایکروپیہ بارہ آنہ مجلد ایکروپیہ چودہ آنہ محصولڈاک سات آنے

خدا کا ہزار ہزار شکر ہے کہ جس قدر لوگوں نے ان دونوں حصّوں کی ترقی پر حسد کیا اسکا بدلہ مجھکو خدا نے دیا کہ فوراً حصّہ ۳ سوم مجھے طبع کرنا پڑا اور جو میرے پاس اور مجرّب نسخے تھے وہ بھی مجھے قدردانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے لکھنے پڑے یہ حصّہ ۳ سوم بھی بفضل خدا ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہا ہے۔ اُمید ہے کہ جس صاحب کے پاس گنجینۂ طبیب حصّہ اوّل حصّہ ۲ دوم ہو وہ حصّہ سوم بھی ضرور منگوا کر فائدہ اٹھائیں قیمت بلا جلد ایکروپیہ بارہ آنے۔ مجلد ایکروپیہ چودہ آنے۔ اکٹھے تینوں حصّے کی قیمت تین روپیہ بارہ آنے محصولڈاک وغیرہ دس آنے کل ہر سہ ۳ حصّہ معہ محصولڈاک چار روپیہ چھ آنہ

مختصر فہرست مضامین گنجینۂ طبیب حصّہ ۳ سوم

باب ۱ مختصر تاریخ علم طب باب ۲ علم طب کی غرض وغائیت باب ۳ بیماری کس وجہ سے ہوتی ہے باب ۴ مریض اس کے متعلق ہدایات باب ۵ بیماری معلوم کرنے کا طریقہ باب ۶ مزاج انسان پر متقدمین کی رائے باب ۷ نقشہ نبض عورت مرد بچّہ باب ۸ ان حرکتوں کے نام جن کے روکنے سے مرضیں پیدا ہوتی ہیں باب ۹ بیان قارورہ یعنی پیشاب باب ۱۰ غذا کی انسان کو کب ضرورت ہے اور مریض کو کس قدر کھلانی چاہیئے باب ۱۱ قواعد اعتدال جس سے انسان بیمار نہ ہو۔ باب ۱۲ ہدائیت متعلق طعام پانی باب ۱۳ قواعد دودھ باب ۱۴ تندرستی کیلئے ہدایات باب ۱۵ موسم بہار کی تبدیلیوں کے متعلق ہدایات باب ۱۶ موسم گرما کا بیان باب ۱۷ موسم برسات باب ۱۸ موسم سرما باب ۱۹ حفظان صحت اور نیند باب ۲۰ صحت بذریعہ سانس و قواعد باب ۲۱ صحت بذریعہ ہنسی باب ۲۲ درازی عمر کا راز اور حفاظت ویرج باب ۲۳ مجرد رہنے کا اثر صحت پر باب ۲۴ شادی کس عمر میں ہو باب ۲۵ خلاف قانون قدرت افعال کے نقصان باب ۲۶ شہوانی جذبہ کو کس طرح روکنا چاہیئے باب ۲۷ تعلیمیافتہ نوجوان کیوں جلد مر جاتے ہیں؟ باب ۲۸ ٹوپی اور عمامہ کے فوائد باب ۲۹ مشہور مشہور درختوں اور بوٹیوں کے فوائد باب ۳۰ چیدہ چیدہ میوہ جات مزاج و فوائد باب ۳۱ چیدہ چیدہ ترکاریوں کے مزاج و فوائد باب ۳۲ مفرد دواؤں کے نام معہ مزاج درجہ گرم و خشک و تر باب ۳۳ سورج کی روشنی سے اکثر مرضوں کا علاج باب ۳۴ انسان کی مشہور مشہور مرضوں کے چیدہ چیدہ کئی نسخے جو حصّہ اوّل اور حصّہ دوم سے بڑھ چڑھ کر باقی تھے باب ۳۵ عورتوں کی مرضوں کے چند مجرّب نسخے باب ۳۶ بچّوں کی مرضوں کے چیدہ چیدہ نسخے باب ۳۷ کشتہ جات معہ نشست پارہ باب ۳۸ فقیر سنڈاسیوں کے اصطلاحی لفظ جو نسخوں میں لکھتے ہیں باب ۳۹ نسخہ کیمیا مولانا حضرت خواجہ حسن نظامی دہلوی جو اُن کو سفر مصر۔ شام۔ حجاز میں بطور تحفہ عارف کامل حضرت شیخ عیسے السنوسی سے دمشق شہر میں ملا تھا باب ۴۰ متفرق عملیات تعویذات درج کر کے کتاب کو ختم کیا ہے۔

یہ حصّہ سوم بھی ایک کامل معلومات کا خزانہ ہے۔ قیمت صرف ایکروپیہ بارہ آنہ کچھ بھی نہیں ہے تینوں حصّے اکٹھے وی۔پی منگوانے میں فائدہ ہے یعنی معہ محصولڈاک چار روپیہ چھ آنہ خرچ کرنے پڑتے ہیں +

اطلاع۔ فرمائش کیوقت اپنا پتہ خوشخط مفصل تحریر فرمائیں اور کم قیمت کی اشیاء کیلئے لفافہ میں ٹکٹ معہ محصولڈاک بھیجیں +

گنجینہ طبیب حصّہ چہارم معہ ضمیمہ صنعت و حرفت ۱۲؍ اہم

قیمت دو روپیہ ۔ مجلد دو روپیہ دو آنے ۔ محصول ڈاک سات آنے

جو شائقین ہماری کتاب گنجینہ طبیب حصّہ اوّل ۔ حصہ دوم ۔ حصہ سوم کا ملاحظہ کرکے فائدہ اٹھا رہے ہیں ۔ وہ ہمیں عرصہ سے مجبور کر رہے تھے کہ ان باقی گوہر نایاب کو جو کہ ابھی آپ کے سینہ میں محفوظ ہیں حصہ چہارم کی شکل میں چھاپ دیں ۔ تاکہ لوگ اس سے بھی فائدہ اٹھا لیں ۔ اس پر میں نے سوچ کر خیال کیا کہ عمر ناپائدار کا کیا بھروسہ ہے ۔ اس خیال کو مدنظر رکھکر ان گوہر نایاب کو جو کوئی دوسرا سینکڑوں روپیہ لیکر بتلانے کیلئے تیار نہ ہو وہ اس خاکسار نے عام ناظرین کے روبرو پیش کر دئے ہیں تاکہ میری یادگار ہمیشہ کیلئے نا مٹنے والی رہے اور خاکسار کو دعاء خیر سے ہمیشہ فائدہ اٹھا کر یاد کریں ۔ حصہ چہارم تین سو صفحوں پر چھپ گیا ہے ۔ قیمت برائے نام صرف دو روپیہ ۔ محصول ڈاک سات آنے +

فہرست مضامین کتاب حصہ چہارم

خارش بدن۔ چیچک۔ درد گردہ۔ درد پیچ۔ درد سر۔ درد پسلی۔ زیادتی پیشاب۔ سنگرہنی۔ سگ دیوانے کا علاج۔ سانپ کاٹے
کا علاج۔ طلا مجلوق۔ فالج۔ وجع مفاصل۔ فیل پا۔ قبض کشا۔ کھجلی۔ اکسیر غبل۔ کھانسی۔ نزلہ۔ کشتہ سنگجراحت۔ کشتہ سنکھ۔ کشتہ شنگرف۔
کشتہ عقیق۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ مروارید۔ کشتہ منور مقوی۔ کشتہ مرجان۔ مرض نسیان۔ اٹھراہ۔ مرگی۔ مرہم کے نسخے۔ درد کمر۔ مقوی
ملذذ۔ مہلب کیڑے۔ منجن۔ مقوی دماغ۔ دافع نزلہ۔ مقوی جبوب کا خاص نسخہ مبارکہ مندوالا جو فوراً انتشار دکھائے۔ مغلظ منی
دافع سیلان و مقوی نسخے۔ پوٹلیاں۔ سستی عضو۔ نسوار دافع درد سر۔ ہیضہ۔ بدہضمی و دافع یرقان و اکسیر جگر کے نسخے درج
ہیں۔ **باب ۱۷ ضمیمہ صنعت و حرفت** جس میں ۱۷ ترکیبیں صنعت و حرفت کی درج ہیں۔ جو میں نے بہت روپیہ صرف
کر کے حاصل کی ہوئی تھیں جو اپنے خریداروں کے مفت نذر ہیں مثلاً انڈوں کو گندہ ہونے سے بچانا۔ خود بخود آگ پیدا
ہو جائے۔ بائیسکلوں کے پہیوں کے ٹائر جوڑنا۔ بال سیاہ کرنے کی خاص گولیاں۔ پیٹھی کا حلوا بنانا۔ بندوق کی نالیوں کو
بھورا رنگ کرنا۔ برقی فیتہ بنانا۔ بیت کی کرسیوں کو صاف کرنا۔ بوتلوں پر مہر لگانے والا مصالحہ بنانا۔ ٹین وغیرہ بنانے کیلئے
ایک سنہری دھات بنانا۔ پیتل کی اشیاء کو صاف کرنا۔ پیتل پر قلعی چڑھانا۔ پرانی زری یا گوٹہ سے چاندی نکالنا۔ لوہے۔ تانبہ۔ پیتل۔
چاندی پر مصالحہ سے نام کھودنا۔ نسخہ بال صفا۔ سیاہی پریس۔ جلا کیلئے پتھری ہتھیار تیز کرنے کی بنانا۔ پوٹین الماریوں میں شیشہ
لگانے کی۔ پوٹین مرمت لکڑی کرنیکی مصالحہ۔ خشک پان۔ خوشبودار کپڑے چھاپنے کا مصالحہ۔ چاندی کو تانبے سے علیحدہ کرنا۔ تختے
کے سوراخوں کو بند کرنا۔ چھری۔ چاقو کے دستے جوڑنے والا مصالحہ۔ شیشے چینی کے برتن جوڑنے کا مصالحہ۔ چاہ کی سفری
ٹکیہ بنانا۔ چوہوں کا دفعیہ۔ چہرہ کی صفائی کیلئے بالائی بنانا۔ چھوہارے ایک تولہ میں بھرنا۔ خوشبودار تیل بنانا۔ خوشبودار اگر کی تیلیاں
بنانا۔ خوشبودار سفوف بنانا۔ خوشبودار خمیرہ تمباکو بنانا۔ خوشبودار سپاریاں بنانا۔ خوشبودار ٹکیاں بنانا۔ خوشبودار عطر کی ڈبیاں بنانا۔
خراطین سے تانبہ نکالنا۔ دودھ ہضم کرنے کی گولیاں بنانا۔ ریگ مال کاغذ بنانا۔ نقشہ نویسوں کا رنگ بنانا۔ سین سین کی طرح
سے خوشبودار ٹکیاں بنانا۔ شیشے کو دھات سے جوڑنے کا مصالحہ۔ شیشوں کو صاف کرنا۔ سیاہی بوٹ کیلئے بنانا۔ بلو بلیک سیاہی بنانا۔
سرخ سیاہی کا پوڈر بنانا۔ تین ترکیب سے سرکہ بنانا۔ صابر کا چمڑہ صاف کرنا۔ کانچ کی بوتلوں کو صاف کرنا۔ ایلومینیم کے برتنوں کو صاف
کرنا۔ پرانے سکوں کو صاف کرنا۔ ایلومینیم کے برتنوں کو صاف کرنا۔ چاندی کی صراحی صاف کرنا۔ تانبہ کا خراب زیور درست کرنا۔ جست
کے برتنوں کو صاف کرنا۔ چاندی کے جڑاؤ زیور صاف کرنا۔ گلٹ شدہ چوکٹوں کو صاف کرنا۔ سوڈا کاسٹک بنانا۔ تیل سرسوں اور تیل
مچھلی کو صاف کرنا۔ دیسی صابون کئی قسم سے بنانا۔ شال پشمینہ دھونا۔ اونی کپڑے دھونا۔ اونی کپڑے پر سے پان کا داغ دور کرنا
روئی کے کپڑے پر سے چکنائی ہٹانا۔ کپڑے کو دھونا۔ پھولدار ریشمی کپڑے دھونا۔ لیس کی بیلیں صاف کرنا۔ زری کو صاف کرنا۔
ریشمی بیل ہر قسم صاف کرنا۔ پٹرول سے ہر قسم کی دھات صاف کرنا۔ طلسمی سانپ بنانا۔ فولاد کو جلدی باریک کرنا۔ کانچ کی اشیاء
میں سوراخ کرنا۔ کافور کی مالا بنانا۔ کپڑے پر نشان لگانے کی سیاہی بنانا۔ کتاب کے منہ پر سنہرا کرنا۔ خشک گلٹ کرنا۔ لیمپ میں
دھواں نہ ہو۔ لیبل و لفافے جوڑنیکا مصالحہ بنانا اور دوسرا نسخہ گوند بنانا۔ لوہے پر نام کندہ کرنا۔ لوہے و سکہ کی اشیاء جوڑنا۔
قلعی و سکہ کی ٹوٹی ہوئی جگہ جوڑنا۔ لاکھ بوتلوں کے منہ بند کرنے کیلئے بنانا۔ لاکھ پارسلوں کیلئے بنانا۔ لوہے کی شے پر کانچ کا چڑھانا۔
لوہے کی چیز پر پختہ رنگ کرنا۔ چینی و کانچ کو جوڑنا۔ شیشے پر پانی چڑھانا۔ مکھی مار کاغذ بنانا۔ خراب موم درست کرنا۔ مہر لگانے کی سیاہی
بنانا۔ مستی دانتوں کیلئے بنانا۔ مسمریزم کی انگوٹھی بنانا۔ نگینوں پر رنگ کرنا۔ نیلا تھوتھا دیسی بنانا۔ نیلہ تھوتھا سے تانبہ نکالنا۔ نقل اتارنے
والی سیاہی اتارنا۔ مسمریزم کی انگوٹھی بنانا۔ کھلونے بنانے کا مصالحہ۔ تتھر جلیبا بنانا۔ قلعی کا پوڈر برائے گلٹ۔ چھوٹی اشیاء کو قلعی
کرنا۔ گھاس کو مختلف رنگ رنگنا۔ بغیر بیٹری کے گلٹ کرنا۔ موم بتی بنانا۔ روغن لکڑی کیلئے بنانا۔ روغن بہروزہ۔ روغن رال
روغن سندرس۔ وارنش مصطگی۔ وارنش چھڑیوں کیلئے بنانا۔ وارنش اسپرٹ سے بنانا۔ چمڑے کے سیاہ وارنش۔ وارنش مچھلی
کے دور کیلئے۔ وارنش برائے جلد سازاں۔ چاک لیٹ وارنش بنانا۔ ٹین کے کھلونوں اور برتنوں کیلئے وارنش سیاہ رنگدار

ب ح م ب ح م

اکسیر اصغری

یہ ایک مرکّب روغن ہی جو بفضلِ خدا ایکسو پچیس ۱۲۵ امراض پر خوراک بوندوں میں مناسب بدرقے سے اکسیر کا حکم رکھتا ہی اور اس مرکّب روغن کا نسخہ حکمت کی نادر کتاب یعنی گنجینہ طبیب حصّہ دوم کے صفحہ ۹۴ میں معہ نام امراض مفصل درج ہی۔ تاکہ ہر ایک شخص خواہ خود تیار کرے یا تیار شیشی وزنی ایک تولہ کی ہم سے ایک روپیہ آٹھ آنہ میں معہ محصولڈاک وغیرہ منگوا کر فائدہ اٹھائیں کیونکہ اس اکسیر اصغری کی شیشی ہر ایک گھر میں ضروری رہنی چاہئے اور خاصکر جو شخص سفر وغیرہ میں جاوے تو وہ اگر کھانا کھانیکے بعد دونوں وقت دو بوند پانی میں ڈال کر پی لیا کرے۔ تو اس کو کسی قسم کی مرض معدہ بفضل خدا نہیں ہوتی ہی۔ یہ شیشی ڈیڑھ روپیہ میں مفت ہی۔ کیونکہ آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس پر کیا لاگت آتی ہی قیمت شیشی ایک روپیہ محصولڈاک وغیرہ آٹھ آنہ ایکدرجن کے خریدار کو معہ محصولڈاک باردانہ وغیرہ صرف بارہ ۱۲ روپے میں ملسکتی ہی اور رعائت کیلئے لکھنا فضول ہی +

یہ اکسیر اصغری مفصلہ ذیل امراض کو فوراً جادو کا اثر دکھاتی ہی مثلاً درد سر ہر قسم۔ درد کان۔ درد پیٹ۔ درد کمر۔ درد گردہ۔ درد مثانہ۔ درد رحم۔ درد پسلی۔ درد چشم۔ درد حیض۔ خارش۔ چھپاکی۔ امراض دل جگر۔ بواسیر خونی و بادی۔ جریان۔ سوزاک۔ آتشک وغیرہ۔ طحال۔ بھگندر۔ ناسورہ۔ حبل۔ داد۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ دمہ۔ بدہضمی۔ مرگی۔ برسام۔ کثرت حیض۔ کمی حیض۔ سیلان الرحم۔ کثرت دست و قے کو فوراً بند کرے الغرض اسی طرح ایکسو پچیس ۱۲۵ مرضوں کیلئے مفید ہی جسکا مفصل بیان معہ ترکیب استعمال کا پرچہ شیشی کے ہمراہ روانہ کیا جاتا ہی جس کے پاس گنجینہ طبیب حصّہ دوم ہووے وہ نسخہ ملاحظہ فرمائیں۔ اور فوراً شیشی اکسیر اصغری ضرور منگوا کر گھر میں رکھیں۔ فرمائش کیوقت پتہ اپنا خوشخط تحریر فرمائیں یہ تاکید ہے +

المشتہر

پبلک کا خادم حاجی محمد اصغر علی سوداگر و مالک دواخانہ یونانی شہر لودیانہ

۱۹۳۷ء

ب ح م

ھوالشافی ھوالشافی

سرمہ اصغری

قیمت فی تولہ ۱۲ محصولڈاک چھ آنہ

یہ سرمہ اصغری بفضل خدا جمیع امراض چشم کو مفید ہے اور مفصلہ ذیل قیمتی دواؤں سے مرکب ہے مثلاً پارہ موتی - ورق سونا ورق چاندی - مامیران چینی سنگہ تخم نیل تخم ترس سیاہ فلفل دراز لکڑی نیم وغیرہ ادویات سے تیار ہو کر چالیس برس سے برابر فروخت ہو رہا ہے جس کے مفید ہونے کے سینکڑوں سارٹیفکیٹ موجود ہیں لیکن ہم ان کو لکھنا فضول سمجھتے ہیں جبکہ سرمہ موجود ہے خود چار پانچ روز استعمال کر کے سچائی کو دیکھ سکتے ہیں -

یہ سرمہ اصغری بفضل خدا مقوی بصر کے علاوہ دفع جالا - دھند غبار سرخی چشم و ڈھلکہ کو بھی مفید ہے اسکا مکمل نسخہ حکمت کی نادر کتاب گنجینہ طبیب حصے اول کے صفحہ ۵۰ میں ہم نے درج کر دیا ہے خواہ خود تیار کریں یا ہم سے تیار بارہ آنہ تولہ منگوائیں خواہ چھ ماشہ منگوائیں محصولڈاک ہر حال میں چھ ماشہ سے پندراں تولہ تک چھ آنے لگتا ہے جسقدر ضرورت ہو اپنا پتہ خوشخط لکھ کر طلب فرمائیں - اگر پتہ صاف پڑھا نہ جائیگا تو تعمیل نہ ہوگی

المشتھر

حاجی محمد اصغر علی سوداگر لودیانہ

۱۹۳۷ء